ABC CERTIFEID وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعتہ المبارک 10 جولائی 2026ء، 23 محرم الحرام 1447ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 311

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

داتا دربار فنڈ اسکینڈل، 2 منیجرز کی تنزلی، 1 کروڑ کی ریکوری کا حکم

صوبے میں مزارات پر نصب کیش باکسز سے چوری روکنے کے لیے ڈیجیٹائزیشن کا فیصلہ کیا، کیش باکسز کی آمدن مقدس امانت ہوتی ہے

بدقسمتی سے ان کیش باکسز سے چوری ہوتی رہی ہے۔ محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن سے پاک کیا جائیگا، وزیر اوقاف و مذہبی امور پنجاب چوہدری شافع

لاہور (بیورو رپورٹ) داتا دربار لاہور کے کیش باکس سے کروڑوں روپے کی چوری کا انکشاف ہوا ہے۔ وزارت اوقاف نے دو منیجرز کی تنزلی کردی۔ سوا کروڑ روپے کی ریکوری کا حکم دے دیا گیا۔ صوبے میں مزارات پر نصب کیش باکسز سے چوری روکنے کے لیے ڈیجیٹائزیشن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب کے وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین نے کہا کہ مزارات پر نصب کیش باکسز کی آمدن مقدس امانت ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے ان کیش باکسز سے چوری ہوتی رہی ہے۔ محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن سے پاک کیا جائے گا۔

بشکیک، صدر آصف علی زرداری کا کرغیزستان کا دورہ مکمل ہونے پر الوداع کیا جارہا ہے

چیف جسٹس سے سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی کی ملاقات

عدالتی اصلاحات، انصاف، رواداری اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز): چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحیٰ آفریدی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ نے سپریم کورٹ آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایران اور قطر وزرائے خارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ

مشرق وسطی کی تازہ صورتحال پر بات چیت، سفارتکاری پر زور دیا

تہران (آئی این پی) ایران اور قطر کے وزرائے خارجہ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس میں مشرق وسطی کی تازہ صورتحال پر بات چیت ہوئی۔ عرب میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

شہید ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای اور اہل خانہ مشہد میں سپرد خاک، رقت آمیز مناظر

مشہد میں اس وقت 27 ملکوں سے 4 لاکھ 70 ہزار غیر ملکی مہمان موجود، جنازے کا عراق میں تعزیتی جلوس نکالا گیا

جلوس امام رضا ہائی وے سے ہوتا ہوا حرم امام رضا پہنچا، جہاں جنازہ ادا کرنے کے بعد تدفین کی گئی، ایرانی میڈیا

مشہد، بغداد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے شہید رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور ان کے اہل خانہ کی میتیں لے کر طیارہ نجف سے مشہد پہنچ گیا، جہاں انہیں روضۂ امامِ رضاؑ کے احاطے میں سپردِ خاک کردیا گیا۔ مشہد میں آیت اللہ علی خامنہ ای کے جنازے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

افغانستان میں موجود دہشتگردی تنظیمیں پاکستان کی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، وزیراعظم

بلوچستان میں حملوں میں مشرقی ہمسائے ملک کا ہاتھ ہے جو بھرپور طریقے سے پیسہ اور وسائل خرچ کررہا ہے اور دہشت گردوں کو اسلحہ فراہم کررہا ہے

سیاسی اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہے، دہشتگردوں کا خاتمہ کرنا اولین ترجیح ہے، ہم مل کر دن رات اس فتنے کا خاتمہ کریں گے، صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی میں مشرقی ہمسائے ملک کا ہاتھ ہے جو دہشت گردوں کو پیسہ اور اسلحہ فراہم کررہا ہے، دہشت گرد افغانستان سرزمین پر پناہ لیے ہوئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں اپنی زیر صدارت نیشنل ایکشن پلان کی صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سربراہان، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے بھی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ چار دن میں سنگین واقعات پیش آئے، ان کارروائیوں شہری اور سیکیورٹی اہلکاروں سمیت 42 افراد شہید ہوئے جب کہ 54 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، بلوچستان میں حملوں میں مشرقی ہمسائے ملک کا ہاتھ ہے جو بھرپور طریقے سے پیسہ اور وسائل خرچ کررہا ہے اور دہشت گردوں کو اسلحہ فراہم کررہا ہے، دہشت گرد افغانستان سرزمین پر پناہ لیے ہوئے ہیں اور بھی کچھ خارجی ہاتھ ہیں جن کے بارے میں یہاں کچھ کہنا نہیں چاہتا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف سیاسی اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہے، دہشت گردوں کا خاتمہ کرنا اولین ترجیح ہے، ہم مل کر دن رات اس فتنے کا خاتمہ کریں گے اور پیچھے نہیں ہٹیں گے، تمام وسائل استعمال کریں گے، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سفارتی کامیابیاں دشمن کو ہضم نہیں ہورہیں، پاکستان جلد ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بن جائے گا، شہدا کی قربانیاں رنگ لائیں گی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچے، کوئٹہ آمد پر گورنر، وزیراعلیٰ اعلیٰ سول و عسکری حکام نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحیٰ آفریدی سے سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی ملاقات کررہے ہیں

یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات، دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عالمی تعاون ناگزیر ہے، محسن نقوی

تنازعات کے خاتمے کیلئے پاکستانی ثالثی کی کوششوں، اقوام متحدہ کے قیام امن خصوصاً پاکستان کی لازوال خدمات پر گفتگو

پاکستانی امن دستوں کی قربانیاں بے مثال، تنازعات کے حل کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، وزیر داخلہ کا سمٹ سے خطاب

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نیویارک (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مغربی ایشیا میں تنازعات کے خاتمے کیلئے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کے ساتھ اقوام متحدہ کے قیام امن خصوصاً پاکستان کی لازوال خدمات پر بھی بات چیت کی گئی۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے پاکستان کی امن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

روس نے پاکستانی آلو کی درآمد پر عائد پابندی ختم کردی

ماسکو (آئی این پی) روسی وفاقی ادارہ برائے ویٹرنری وفائٹوسینیٹری نگرانی نے پاکستان سے آلو کی درآمد پر عائد پابندی جزوی طور پر ختم کرتے ہوئے 101 پاکستانی برآمد کنندگان کو دوبارہ روسی منڈی میں آلو برآمد کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اختر مینگل کو ملنے والی تمام مراعات واپس

کوئٹہ (آئی این پی) سردار اختر مینگل کی جانب سے قومی اسمبلی کی نشست سے مستعفی ہونے کے بعد انہیں والی تمام مراعات واپس لے لی گئیں۔ سردار اختر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

توانائی بحران سے ایشیائی معیشتیں شدید متاثر

مہنگائی پر قابو پانے کے درمیان متوازن پالیسی اختیار کرنا ہوگی، ایشیائی ترقیاتی بینک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے ترقی پذیر ایشیا اور بحرالکاہل کی معیشتوں کے لیے 2026 کی اقتصادی ترقی کی پیش گوئی کم کرتے ہوئے اسے 9.4 فیصد کردیا، جبکہ 2025 میں شرح نمو 5.5 فیصد رہی تھی، یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مشرق وسطیٰ میں جنگ عالمی معیشت کیلئے بڑا خطرہ

2026 میں عالمی افراطِ زر 4.7 فیصد تک پہنچ سکتا ہے، آئی ایم ایف کی وارننگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں دوبارہ جنگ کا خدشہ عالمی معیشت کیلئے بڑا خطرہ قرار بن گیا۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کی معیشت کے لیے رواں مالی سال میں شرح نمو کا تخمینہ 5.3 فیصد برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ حکومت نے 4 فیصد معاشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سیاست لوٹوں، بھتہ خوروں کے ہاتھوں میں رہی تو انقلاب نہیں آئیگا، حافظ نعیم

پی ٹی آئی ممبران اسمبلی کا قائد جیل میں خود لامتناہی مراعات کا بل پاس کرلیا

بہاولنگر (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی و حکومتی نظام ملک کو تباہی کی طرف لے گیا ہے، سیاست لوٹوں اور بھتہ خوروں کے ہاتھوں میں رہی تو کوئی انقلاب نہیں آئے گا۔ پٹرول 225 روپے لیٹر کیا جائے، پیٹرولیم لیوی ختم اور آئی پی پی مافیا سے عوام کی جان چھڑائی جائے، مطالبات پورے نہ ہوئے تو سڑکیں جام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

بہاولنگر، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

انفارمیشن گروپ کی رئیسہ عادل پرنسپل انفارمیشن آفیسر تعینات

محمد شہزاد کو ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کیا گیا

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) وفاقی حکومت نے انفارمیشن گروپ کے گریڈ 20 کے افسران کے تبادلے کردیے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے رئیسہ عادل، مبشر حسن اور محمد شہزاد کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کیے گئے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے افسران کی تعیناتیوں نوٹیفکیشن جاری کردیے گئے۔ رئیسہ عادل ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل پریس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ

ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کروڈ آئل کی قیمت 74 اعشاریہ 35 ڈالر فی بیرل ہوگئی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ عالمی مارکیٹ میں ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کروڈ آئل کی قیمت بڑھ کر 74 اعشاریہ 35 ڈالر فی بیرل ہوگئی، جبکہ برینٹ کروڈ آئل 78 اعشاریہ 91 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ کرتا رہا۔ ماہرین کے مطابق ایران اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

بی آئی ایس پی و دیگر اداروں میں معاہدہ پر دستخط ہورہے ہیں

مانسہرہ، موسلادھار بارشیں، جھکڑ سے درخت گر گئے، سڑکیں بند

ادارے ہائی الرٹ، کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے امدادی ٹیمیں تیار

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ و ضلع کے دیگر شہروں اور گردونواح میں شدید آندھی جھکڑ اور تیز ہواہوں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشیں، تیز ہواہوں و جھکڑ سے درخت گرنے کی اطلاعات، برساتی نالے بھر گئے، بارش کا پانی سڑکوں و گلی محلوں میں داخل، کئی مقامات پر سڑکیں بند و رابطے منقطع، ریسکیو ادارے 1122 و دیگر ریسکیو ٹیموں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ڈاکٹر ازقا سہیل مس پاکستان 2026 منتخب

پولینڈ میں عالمی مقابلہ حسن میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) برطانیہ میں مقیم پاکستانی نژاد ڈاکٹر ازقا سہیل کو مس سپرانیشنل پاکستان 2026 منتخب کرلیا گیا ہے اور وہ پولینڈ میں ہونے والے عالمی مقابلہ حسن مس سپرانیشنل 2026 میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی۔ پولینڈ میں ہونے والا یہ مقابلہ دنیا کے پانچ بڑے عالمی بیوٹی پیجنٹس میں شار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

چین پاکستان اقتصادی راہداری علاقائی روابط اور معاشی ترقی کا اہم محرک، یوسف گیلانی

پاک۔چین تعاون دفاع، تجارت، بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت اور ثقافتی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں تک پھیل چکا

پائیدار اداروں کو عوام کے سامنے جواب دہ رہنا چاہیے، قائمقام صدر کا پاکستان چائنا کلچرل کونسل کے زیراہتمام سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کو علاقائی روابط اور معاشی ترقی کا اہم محرک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، ٹیکنالوجی، صاف توانائی اور پارلیمانی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان چائنا اکنامک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان فعال خارجہ پالیسی پر کاربند رہے گا، اسحاق ڈار

خارجہ پالیسی کی بنیاد علاقائی استحکام اور عالمی امن پر استوار ہے

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان فعال خارجہ پالیسی پر کاربند رہے گا، خارجہ پالیسی کی بنیاد علاقائی استحکام اور عالمی امن پر استوار ہے۔ اسحاق ڈار کی زیر صدارت آئندہ سفارتی سرگرمیوں سے متعلق اعلی سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سیکریٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور وزارت خارجہ کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ نائب وزیراعظم نے پاکستان کے سیاسی اور اقتصادی مفادات کے موثر فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ریاستی اداروں پر الزامات، سہیل آفریدی کو گرفتاری کر کے پیش کرنیکا حکم

شاسلام آباد (صباح نیوز) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف ریاستی اداروں پر مبینہ گمراہ کن الزامات لگانے اور ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ایران کا امریکی حملوں پر اقوام متحدہ سے رجوع

سلامتی کونسل اور سیکریٹری جنرل کو احتجاجی خطوط ارسال، فوری کارروائی کا مطالبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) ایران نے امریکی حملوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے صدر اور اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل کو باضابطہ خطوط ارسال کردیے ہیں، جن میں امریکی کارروائی کو بین الاقوامی قوانین اور اقوامِ متحدہ کے منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ میں ایران کے مستقل نمائندے سعید ایروانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

قائمقام صدر مملکت سید یوسف رضا گیلانی کے ہمراہ تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

اوورسیز سے جون میں 3.5 ارب ڈالر ترسیلات زر موصول

سالانہ بنیاد پر 2 فیصد اضافہ، وزیراعظم شہباز شریف کا اظہار تشکر

اسلام آباد (آئی این پی) جون 2026 کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 5.3 ارب امریکی ڈالر وطن بھیجے، جو گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 2 فیصد زیادہ ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جون 2026 میں ترسیلات زر 5.3 ارب ڈالر رہیں، نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر میں سال بسال 0.2 فیصد اضافہ اور ماہ بہ ماہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پی ایم ڈی سی، ایم ڈی کیٹ رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں توسیع

کراچی (آئی این پی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج (پی ایم ڈی سی) نے ایم ڈی کیٹ رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں توسیع کردی۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ کی ریگولر فیس کے ساتھ رجسٹریشن اب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

BISP ڈبلیو ایف پی، ڈبلیو ایچ او اور یونیسیف شراکت داری میں توسیع

غذائیت، صحت اور شراکت داری کے ساتھ منسلک کرنے سے ماؤں اور بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی جاسکتی

معاہدہ پاکستان کے ہر بچے کو صحت مند زندگی اور بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے قومی عزم کی تجدید ہے، روبینہ خالد

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، ڈبلیو ایف پی، ڈبلیو ایچ او اور یونیسیف کے مابین شراکت داری میں تین سال کی توسیع کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط معاہدے کے تحت پاکستان بھر میں مزید 33 لاکھ حاملہ و دودھ پلانے والی خواتین اور دو سال سے کم عمر بچوں کو غذائی قلت سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ سماجی تحفظ چیئرپرسن و سینیٹر روبینہ خالد نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ غذائیت، صحت اور شراکت داری کے ساتھ منسلک کرنے سے ماؤں اور بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے، بینظیر نشوونما پروگرام شہید محترمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، چیئرپرسن ڈاکٹر نفیسہ شاہ خصوصی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

چین ایران ریلوے راہداری کے پل پر بھی امریکی حملہ

پل سے گزرنے والا ریلوے راستہ ترکمانستان، قازقستان سے ہوکر چین پہنچتا ہے

تہران (صباح نیوز) ایران پر امریکی فضائی حملے میں چین ایران ریلوے راہداری کے پل کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ پل سے گزرنے والا ریلوے راستہ ترکمانستان اور قازقستان سے ہوتا ہوا چین تک پہنچتا ہے۔ فارس نیوز ایجنسی کے مطابق امریکہ کے ایران پر فضائی حملوں میں شمالی صوبہ گلستان میں واقع آق قلا خان ریلوے پل کو نشانہ بنایا گیا ہے، یہ پل تہران کو ایران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

برطانیہ کا 55 سال پرانا قانون بدلنے کا اعلان

لندن (صباح نیوز) برطانوی حکومت نے روچڈیل کے بدنام زمانہ گرومنگ گینگ کے سرغنہ اور کم عمر لڑکیوں کے ریپ کے مجرم، 73 سالہ شبیر احمد کو پاکستان ڈی پورٹ کرنے کے لیے قانون میں ہنگامی ترمیم کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

دشمن کی پراکسی وار!

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار روز میں بلوچستان میں دہشت گردی کے تین بڑے واقعات ہوئے۔ پہلا واقعہ 4 اور 5 جولائی کی درمیانی شب ہوا جب فتنۃ الخوارج نے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، منگی ڈیم کوئٹہ پمپنگ سٹیشن کے علاقے میں دہشت گردوں نے 4 شہریوں کو شہید کیا، پولیس کی جوابی کارروائی میں 15 دہشت گرد جہنم واصل ہوئے۔ اس دوران دو ایس ایچ اوز سمیت نو اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔ دوسرے واقعے میں فتنۃ الخوارج کے پاس یرغمال بچے تھے جن کو چھڑانے کے لئے زیارت کے پہاڑوں میں آپریشن کیا جس میں متعدد خوارج مارے گئے جبکہ 18 بہادر جوانوں کو شہید کر دیا گیا۔ تیسرا واقعہ بدھ کو پیش آیا جس میں فوجی کانوائے پر حملہ کیا گیا، جوابی کارروائی میں 10 جوان شہید ہوئے جبکہ 14 خوارج کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق بلوچستان میں ہونے والے ان تین واقعات میں 54 دہشت گرد مارے جبکہ 42 جوانوں نے اپنی جان وطن پر نچھاور کردی۔ اُن کا کہنا تھا کہ یہ کارروائیاں بھارت کروا رہا ہے اور بھارت کیساتھ وہ قوتیں شامل ہیں جنہیں پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی۔ ترجمان نے مزید کہا کہ دہشت گرد حملوں میں اکثریت افغان شہریوں کی ہوتی ہے، افغان طالبان رجیم اِن دہشت گردوں کو سہولتیں فراہم کر رہی ہے، ہمارے بچوں، پولیس جوانوں اور شہریوں پر ہاتھ ڈالیں گے تو بات چیت نہیں ہوگی۔ فیلڈ مارشل کی قیادت میں مسلح افواج تیار ہے اور دہشت گردی کو ختم کر کے ہی دم لے گی۔

گزشتہ کم و بیش چار سالوں کے دوران دہشت گردی نے بار بار سر اُٹھانے کی کوشش کی جو 2018-19ء میں قدرے کم ہو چکی تھی۔ اُن دنوں اِکا دُکا واقعات ہی رپورٹ ہو رہے تھے تاہم گزشتہ سال بھی دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا تھا، 2025ء میں 373,4 واقعات میں سکیورٹی فورسز کے جوانوں سمیت 073,1 افراد شہید ہوئے جبکہ 667,1 دہشت گرد ہلاک کیے گئے۔ پاکستان نے اِس دوران سخت اقدامات کیے، پاک افغان سرحد کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا اور غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی جلد از جلد وطن واپسی کی مہم چلانے کے علاوہ افغانستان میں موجود دہشت گردوں کے کئی ٹھکانے بھی تباہ کیے جس کی وجہ سے دہشت گردی کے واقعات میں کمی واقع ہوئی۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کے پہلے تین ماہ میں مجموعی طور پر دہشت گردی کے واقعات میں 18 فیصد کمی آئی تھی جبکہ فروری کے مقابلے میں مارچ میں دہشت گردی کے واقعات میں 59 فیصد کمی ہوئی، جبکہ خیبر پختونخوا میں یہ کمی 57 فیصد کے قریب تھی۔ یوں دہشت گردی کے واقعات میں اگرچہ کمی ہوئی تاہم اب بھی جب اور جہاں دہشت گردوں کو موقع ملتا ہے وہ کارروائی کر گزرتے ہیں۔ گزشتہ ماہ کے آخری دنوں میں کراچی میں سندھ رینجرز کے کیمپ پر حملہ ہوا جس میں زخمی ہو کر گرفتار ہونے والا دہشت گرد افغانی تھا۔ کالعدم جماعت الاحرار کے اِس دہشت گرد نے افغانستان میں ٹریننگ لینے اور پاکستان آ کر حملہ کرنے سمیت کئی انکشافات کیے تھے جس کے بعد سکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحدی علاقوں اور بعض صوبوں میں موجود دہشت گردوں کے تربیتی سینٹروں پر حملہ کر کے ایک بڑے خارجی کمانڈر خان فروش عرف زابل اور اُس کے ساتھیوں سمیت درجنوں دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا تھا۔

افواجِ پاکستان اور سکیورٹی اداروں کے جری جوان دہشت گردی کے اِس طوفان کے سامنے دیوار بن کر کھڑے ہیں، وطن کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے افسروں اور جوانوں کے ساتھ ساتھ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکاروں نے جو قربانیاں دی ہیں اُن کی مثال تاریخ میں شاید نہ مل سکے۔ سکیورٹی فورسز کی طرف سے دہشت گردوں کے خلاف روزانہ سینکڑوں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کئے جا رہے ہیں جس سے اِس عفریت کو مخصوص علاقوں اور حدوں تک محدود کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ حکومت دہشت گردوں کے مالیاتی ذرائع اور سوشل میڈیا پر اُن کے بیانیوں کا راستہ روکنے کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد جاری رکھے ہوئی ہے۔ "انڈین کرونیکلز" کے نام سے سامنے آنے والی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا تھا کہ بھارت گزشتہ لگ بھگ ڈیڑھ دہائی سے بھی زائد عرصے سے سو سے زائد ممالک میں جعلی ویب سائٹوں، میڈیا ہاؤسز، فرضی تھنک ٹینکس اور غیر سرکاری تنظیموں کا ایک ایسا نیٹ ورک چلا رہا تھا جس کا واحد مقصد عالمی سطح پر پاکستان کو بدنام کرنا اور اقوام متحدہ جیسے اداروں میں اِس کے خلاف زہریلا پراپیگنڈہ کرنا تھا۔ اِس رپورٹ نے بھارت کے پراکسی اور ہائبرڈ وار فیئر کے ڈھانچے کو دنیا کے سامنے طشت از بام کر دیا تھا۔

پاکستان اِس وقت کئی محاذوں پر نبرد آزما ہے، ایک طرف بیانیوں کی جنگ ہے تو دوسری طرف دہشت گردی جبکہ تیسری طرف بھارتی آبی جارحیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ معاشی مشکلات کی وجہ سے حکومت لوگوں کو مطلوبہ ریلیف نہیں دے پا رہی۔ بلوچستان کی حکومت عسکری کارروائیوں کے ساتھ ساتھ پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبے شروع کر کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں لانے کی کوششیں کر رہی ہے تاکہ دشمن اُن کی محرومیوں کا فائدہ نہ اُٹھا سکے۔ بھارت سمیت دیگر پاکستان دشمن قوتیں یہاں دہشت گردی کی کے ذریعے بدامنی پھیلا کر ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا چاہتی ہیں۔ سکیورٹی حکام کے مطابق افغان طالبان حکومت خود کو بھارت کی کٹھ پتلی بنا کر اِن عناصر کی ہر طرح سے مدد کر رہی ہے۔ پاکستان نے اپنے معاشی معاملات میں بہتری دکھائی، انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ اور بین الاقوامی ریٹنگ کمپنیوں سمیت دیگر عالمی مالیاتی ادارے اِس کی تصدیق کرتے ہیں، ایسے میں پاکستان سرمایہ کاروں کے لیے جنت ثابت ہو سکتا ہے لیکن بیرونی سرمایہ کاری صرف اِسی وجہ سے نہیں ہو پا رہی کیونکہ پاکستان دشمن قوتیں اربوں ڈالر سالانہ خرچ کر کے اِسے غیر مستحکم کرنے کے درپے ہیں۔ پاک چین اقتصادی راہداری جیسے ملکوں کو جوڑنے والے تجارتی منصوبوں کو ناکام بنانے کی کوششیں واضح کرتی ہیں کہ پاکستان کی ترقی سے ناخوش ہونیوالے اِسے پھلتا پھولتا نہیں دیکھ سکتے تاہم قوم یہ طے کر چکی ہے کہ دہشت گردی کو کسی طور پنپنے نہیں دیا جائے گا، دہشتگردوں، اُن کے سہولت کاروں اور اُن کے ہمدردوں کی پاکستان میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ ہمیں اپنی داخلی صفوں میں اتحاد قائم کرتے ہوئے سکیورٹی اداروں کو مزید مضبوط کرنا ہوگا

بیرونی سازشیں اور ہائبرڈ جنگ قومی عزم کو متزلزل نہیں کر سکتی

پاکستان کی سلامتی سے متعلق حالیہ کور کمانڈرز کانفرنس میں سامنے آنے والے نکات محض عسکری معاملات تک محدود نہیں بلکہ انہوں نے قومی سلامتی کے ایک وسیع تر تصور کو اجاگر کیا ہے۔ اس تصور میں سرحدوں کا دفاع، دہشت گردی کا خاتمہ، علاقائی استحکام، مؤثر حکمرانی، عوامی شمولیت اور قومی یکجہتی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے عناصر ہیں۔ موجودہ حالات میں جب پاکستان ایک بار پھر دہشت گردی، ہائبرڈ وارفیئر، گمراہ کن اطلاعات کی مہمات اور علاقائی کشیدگی جیسے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے تو ریاستی اداروں اور سیاسی قیادت دونوں پر یکساں ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کور کمانڈرز کانفرنس نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ افغان طالبان کے زیر کنٹرول علاقوں کو ایسے دہشت گرد گروہوں کی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے جو پاکستان کے اندر بدامنی پھیلانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ کانفرنس کے مطابق ان گروہوں کو بیرونی حمایت بھی حاصل ہے، جس سے یہ مسئلہ محض سرحد پار دہشت گردی تک محدود نہیں رہتا بلکہ علاقائی سلامتی کے ایک بڑے چیلنج کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس تناظر میں یہ موقف کہ خطے میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہوگا جب افغان سرزمین کو کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکا جائے، بین الاقوامی اصولوں اور ریاستی ذمہ داریوں کے عین مطابق ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں دی ہیں، وہ قومی تاریخ کا اہم باب ہیں۔ ہزاروں جانوں کی قربانی، اربوں ڈالر کا معاشی نقصان اور مسلسل سکیورٹی آپریشنز اس حقیقت کا ثبوت ہیں کہ دہشت گردی پاکستان پر مسلط کی گئی جنگ تھی۔ ایسے میں اگر سکیورٹی فورمز یہ واضح کرتے ہیں کہ پاکستان اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیاں جاری رکھے گا تو یہ ریاست کے بنیادی فرض کا اظہار ہے۔ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہ ماضی میں ممکن تھا اور نہ آئندہ ہونا چاہیے۔ تاہم دہشت گردی کے خلاف صرف عسکری کامیابیاں دیرپا نتائج پیدا نہیں کر سکتیں۔ خود کور کمانڈرز کانفرنس نے اس حقیقت پر زور دیا کہ شورش زدہ علاقوں میں مضبوط اور فعال حکومتی ڈھانچوں کا قیام ناگزیر ہے۔ یہی وہ پہلو ہے جس پر سیاسی قیادت اور سول اداروں کو اپنی پوری توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ اگر کسی علاقے میں امن قائم ہونے کے بعد بھی تعلیم، صحت، انصاف، روزگار اور مقامی حکومت کا مؤثر نظام قائم نہ ہو تو وہاں دوبارہ شدت پسند عناصر کے لیے جگہ بننے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس لیے قومی سلامتی کا دوسرا نام مؤثر حکمرانی بھی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں گورننس کے مسائل، اقربا پروری، سیاسی مصلحتوں اور کمزور انتظامی ڈھانچوں نے عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کے رشتے کو کئی مقامات پر متاثر کیا ہے۔ جب عام شہری کو انصاف، روزگار، بنیادی سہولیات اور ترقی کے مساوی مواقع میسر نہ ہوں تو معاشرتی بے چینی میں اضافہ ہوتا ہے۔ دشمن قوتیں اسی بے اطمینانی کو ہائبرڈ وارفیئر، سوشل میڈیا پروپیگنڈے اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ لہٰذا اگر ہم واقعی بیرونی سازشوں کا مؤثر مقابلہ کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اندرونی کمزوریوں کو بھی دور کرنا ہوگا۔ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ پاکستان کے عوام اپنے وطن سے محبت کرتے ہیں اور اس کی سلامتی و ترقی کے لیے ہر قربانی دینے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ قدرتی آفات ہوں، جنگی حالات ہوں یا دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد، پاکستانی قوم نے ہمیشہ اتحاد، ایثار اور استقامت کا مظاہرہ کیا ہے۔ لیکن عوامی جذبے کو مثبت قومی طاقت میں تبدیل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور قومی خدمت کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتیں ملک کی ترقی کے لیے بروئے کار لا سکیں۔ کور کمانڈرز کانفرنس نے دشمن کی جانب سے ہائبرڈ وارفیئر اور ڈس انفارمیشن کی بڑھتی ہوئی مہموں کا بھی نوٹس لیا۔ آج کی دنیا میں جنگ صرف میدانِ جنگ تک محدود نہیں رہی بلکہ اطلاعات، معیشت، سائبر سپیس اور رائے عامہ بھی اس کا اہم محاذ بن چکے ہیں۔ اس لیے قومی بیانیے کی مضبوطی، ذمہ دار صحافت، شفاف حکومتی طرزِ عمل اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکا ہے۔ سچائی، شفافیت اور کارکردگی ہی وہ بنیادیں ہیں جن پر قومی اعتماد قائم رہ سکتا ہے۔ اسی طرح مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے اصولی مؤقف کا اعادہ بھی اس حقیقت کی یاددہانی ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن انصاف کے بغیر ممکن نہیں۔ کشمیری عوام کے حقِ خود ارادیت کی حمایت پاکستان کی مستقل پالیسی رہی ہے اور اس مسئلے کا منصفانہ حل ہی خطے میں دیرپا استحکام کی بنیاد بن سکتا ہے۔ آج پاکستان کو جس قومی حکمت عملی کی ضرورت ہے، وہ عسکری قوت اور سیاسی بصیرت کے امتزاج پر مبنی ہونی چاہیے۔ ایک طرف مسلح افواج سرحدوں کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہیں، تو دوسری طرف منتخب حکومتوں، سیاسی جماعتوں اور ریاستی اداروں کو گورننس میں اصلاحات، اقربا پروری کے خاتمے، قانون کی بالادستی، شفاف احتساب اور عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنانا ہوگا۔ قومی سلامتی مضبوط معیشت، مؤثر اداروں، بااعتماد عوام اور انصاف پر مبنی حکمرانی سے مستحکم ہوتی ہے۔ جب دفاع مضبوط، حکمرانی مؤثر اور عوام بااختیار ہوں تو نہ دہشت گردی کامیاب ہو سکتی ہے، نہ بیرونی سازشیں اور نہ ہی کوئی ہائبرڈ جنگ پاکستان کے قومی عزم کو متزلزل کر سکتی ہے۔

"او آئی سی ممالک میں خواتین کا بااختیار بنانا: مشترکہ ترقی کی منزل" (قسط اول)

خواتین کا سماجی، معاشی اور سیاسی بااختیار بنانا آج مسلم دنیا کو درپیش اہم ترین ترقیاتی مسائل میں سے ایک بن چکا ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے 57 رکن ممالک میں خواتین آبادی کا تقریباً نصف حصہ ہیں۔ معاشرے، معیشت، تعلیم، صحت اور خاندانی زندگی میں ان کا کردار نہایت اہم اور قابلِ قدر ہے۔ تاہم، کئی ممالک میں نمایاں پیش رفت کے باوجود لاکھوں خواتین اب بھی ایسے مسائل اور رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہیں جو انہیں قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرنے سے روکتے ہیں۔

او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کا نواں اجلاس خواتین کے بااختیار بنانے کو ترقیاتی ایجنڈے کا مرکزی حصہ قرار دے کر ایک نہایت بروقت اور اہم موضوع کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ صرف ایک سماجی مسئلہ یا فلاحی معاملہ نہیں بلکہ او آئی سی رکن ممالک کے مستقبل کے استحکام اور خوشحالی کے لیے ایک تزویراتی ضرورت ہے۔ کوئی بھی قوم اس وقت تک اپنی مکمل معاشی اور سماجی صلاحیت حاصل نہیں کر سکتی جب تک اس کی نصف آبادی فیصلہ سازی میں مناسب نمائندگی سے محروم، مالی مواقع سے دور اور ڈیجیٹل ترقی میں پیچھے نہ رہ جائے۔

گزشتہ چند دہائیوں کے دوران متعدد او آئی سی ممالک نے خواتین کی تعلیم کے فروغ میں قابلِ ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ خواتین کی شرح خواندگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور بڑی تعداد میں طالبات جامعات اور پیشہ ورانہ اداروں میں داخلہ لے رہی ہیں۔ کئی ممالک میں طب، تعلیم، بزنس ایڈمنسٹریشن اور دیگر پیشہ ورانہ شعبوں میں خواتین فارغ التحصیل افراد کا ایک بڑا حصہ بن چکی ہیں۔ تاہم، صرف تعلیم ہی سیاسی اور معاشی زندگی میں مساوی شرکت کی ضمانت نہیں بن سکی۔

نمایاں چیلنجز میں سے ایک سیاسی اداروں میں خواتین کی محدود نمائندگی ہے۔ اگرچہ بہت سے او آئی سی ممالک نے آئینی سطح پر مساوات کی ضمانت دی ہے اور خواتین کی سیاسی شرکت بڑھانے کے لیے مختلف اقدامات بھی کیے ہیں، لیکن پارلیمان، کابینہ، مقامی حکومتوں اور اعلیٰ انتظامی عہدوں پر خواتین کی تعداد اب بھی نسبتاً کم ہے۔ اس کم نمائندگی کا اثر پالیسی سازی کے معیار پر بھی پڑتا ہے کیونکہ صحت، تعلیم، روزگار، سماجی تحفظ اور خاندانی بہبود جیسے اہم شعبوں سے متعلق فیصلے اکثر خواتین کی مؤثر شمولیت کے بغیر کیے جاتے ہیں۔

جامع اور مؤثر طرزِ حکمرانی کے لیے سیاسی عمل میں خواتین کی زیادہ شرکت ناگزیر ہے۔ جن ممالک نے قانون ساز اداروں میں خواتین کی نمائندگی میں اضافہ کیا ہے وہاں سماجی ترقی، خاندانی بہبود، تعلیم اور صحتِ عامہ کے معاملات پر زیادہ توجہ دیکھنے میں آئی ہے۔ او آئی سی ممالک انتخابی اصلاحات، قیادت سازی کے تربیتی پروگراموں، رہنمائی اور سرپرستی کے منصوبوں اور خواتین کے لیے سازگار سیاسی ماحول پیدا کر کے ان کی سیاسی شمولیت کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔

یہ مسئلہ صرف سیاست تک محدود نہیں بلکہ پیشہ ورانہ زندگی میں بھی موجود ہے۔ متعدد او آئی سی ممالک میں خواتین بڑی تعداد میں تعلیمی اداروں میں داخل ہوتی ہیں لیکن عملی زندگی میں قدم رکھتے وقت انہیں مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سماجی توقعات، گھریلو ذمہ داریاں، بچوں کی نگہداشت کی ناکافی سہولیات، ملازمت کے دوران امتیازی رویے اور ترقی کے محدود مواقع انہیں ملازمتیں چھوڑنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ اس صورتحال کے نتیجے میں قیمتی انسانی صلاحیت ضائع ہوتی ہے اور قومی پیداواریت متاثر ہوتی ہے۔

حکومتوں اور نجی شعبے کو مل کر ایسے کام کے ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو پیشہ ورانہ ترقی اور خاندانی ذمہ داریوں کے درمیان توازن قائم کرنے میں مددگار ہوں۔ لچکدار اوقاتِ کار، والدین کے لیے رخصت کی سہولت، محفوظ کام کی جگہیں اور ہراسانی کے خلاف مؤثر نظام خواتین کو ملازمتوں میں برقرار رکھنے اور قیادت کے مناصب تک پہنچنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ انتظامی اور کارپوریٹ سطح پر صنفی تنوع کو فروغ دینا بھی متوازن اور بہتر فیصلہ سازی میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

معاشی خودمختاری خواتین کی ترقی کا ایک اور بنیادی ستون ہے۔ مالی آزادی خواتین کو تعلیم، صحت، خاندانی فلاح اور کاروباری سرگرمیوں کے حوالے سے بہتر فیصلے کرنے کے قابل بناتی ہے۔ تاہم، او آئی سی کے کئی ممالک میں خواتین اب بھی معاشی وسائل تک رسائی میں مشکلات کا سامنا کرتی ہیں۔ زمین اور جائیداد کی محدود ملکیت، قرض کے حصول میں دشواریاں، مالی خواندگی کی کمی اور رسمی بینکاری خدمات تک محدود رسائی ان کی کاروباری صلاحیتوں کی راہ میں رکاوٹ بنتی ہیں۔

خواتین کاروباری شخصیات مقامی معیشتوں، خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تاہم، روایتی قرضہ جاتی نظام میں ضمانت کی شرط کے باعث بہت سی خواتین مطلوبہ سرمایہ حاصل نہیں کر پاتیں۔ اگرچہ مائیکرو فنانس پروگراموں نے متعدد خواتین کو کاروبار شروع کرنے میں مدد دی ہے، لیکن خواتین کی ملکیت والے کاروباروں کو پائیدار اور بڑے پیمانے پر کامیاب بنانے کے لیے وسیع تر اصلاحات کی ضرورت ہے۔

خواتین کی معاشی ترقی کے لیے جامع پالیسی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ حکومتوں کو جائیداد کی ملکیت، وراثتی حقوق، مالی خدمات اور کاروباری مواقع تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا چاہیے۔ قومی مالی شمولیت کی حکمت عملیوں میں خواتین کی شرکت کے واضح اہداف مقرر کیے جائیں اور ان کی پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے۔ فنی تربیت، کاروباری تعلیم اور کاروباری ترقی کے پروگرام خواتین کو جدید معیشت میں کامیابی کے لیے ضروری مہارتیں فراہم کر سکتے ہیں۔

اسلامی مالیاتی نظام بھی خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ خواتین کاروباری افراد کے لیے مخصوص شریعت کے مطابق مالیاتی مصنوعات سرمایہ تک رسائی فراہم کر سکتی ہیں اور ساتھ ہی مقامی مذہبی اور ثقافتی اقدار سے ہم آہنگ بھی رہ سکتی ہیں۔ ایسے اقدامات خواتین کی ملکیت والے کاروباروں کو فروغ دینے، اختراع کی حوصلہ افزائی کرنے اور مجموعی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

سیاسی اور معاشی بااختیاری کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل معیشت کے تیزی سے فروغ نے ترقی کے چیلنجز میں ایک نئی جہت کا اضافہ کر دیا ہے۔ آج ٹیکنالوجی تعلیم، روزگار، صحت، مالی خدمات اور حکومتی نظم و نسق سمیت زندگی کے تقریباً ہر شعبے کو متاثر کر رہی ہے۔ بدقسمتی سے او آئی سی کے متعدد ممالک میں خواتین اب بھی ڈیجیٹل رسائی اور ٹیکنالوجی کے استعمال میں مردوں کے مقابلے میں پیچھے ہیں۔

ڈیجیٹل صنفی تفاوت مختلف شکلوں میں ظاہر ہوتی ہے۔ خواتین کے پاس اسمارٹ فون کی ملکیت، انٹرنیٹ تک آزادانہ رسائی اور جدید ڈیجیٹل مہارتوں کے مواقع نسبتاً کم ہوتے ہیں۔ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں سستی انٹرنیٹ سہولتوں کی کمی ان مشکلات کو مزید بڑھا دیتی ہے۔ جیسے جیسے معیشتیں ڈیجیٹل ہوتی جا رہی ہیں، یہ تفاوت ایک نئی قسم کی عدم مساوات کو جنم دے سکتی ہے جو تعلیم اور معاشی ترقی میں حاصل شدہ کامیابیوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

اسی لیے اکیسویں صدی میں خواتین کی بااختیاری کے لیے ڈیجیٹل شمولیت ناگزیر ہے۔ خواتین اور بچیوں کے لیے ڈیجیٹل خواندگی کے قومی پروگرام مہارتوں کے خلا کو کم کر سکتے ہیں اور انہیں مستقبل کے روزگار کے مواقع کے لیے تیار کر سکتے ہیں۔ اسکول، کمیونٹی مراکز، جامعات اور فنی تربیتی ادارے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، کوڈنگ، ای کامرس، آن لائن کاروبار اور ڈیجیٹل مالی خدمات کی تربیت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (STEM) کے شعبوں میں لڑکیوں کی زیادہ شرکت کی حوصلہ افزائی بھی ضروری ہے۔ کم عمری میں ٹیکنالوجی سے آشنائی انہیں تحقیق، اختراع اور جدید پیشوں کی جانب راغب کر سکتی ہے۔ کامیاب خواتین سائنس دان، انجینئرز، کاروباری شخصیات اور ٹیکنالوجی ماہرین نئی نسل کے لیے رول ماڈل بن سکتی ہیں

(جاری ہے۔۔)

بھیڑیوں کے نرغے میں بھیڑ!

وہ ایک ننھا سا بھیڑ کا بچہ تھا۔ نہ اس کے پاس طاقت تھی۔ نہ پنجے۔ نہ دانت۔ اگر پنجے ہوتے تبھی تو شاید وہ صرف اپنی ہی بے بسی کو نوچ سکتا تھا۔ اس کا سب سے بڑا جرم صرف یہ تھا کہ وہ زندہ رہنا چاہتا تھا۔ وہ صبح سے شام تک جنگل کے کنارے بھٹکتا رہتا۔ کبھی کسی سایہ دار درخت کے نیچے رک جاتا۔ کبھی کسی خشک ندی کے کنارے بیٹھ کر دور تک پھیلے راستوں کو دیکھتا۔ اسے یقین تھا کہ کہیں نہ کہیں کوئی ایسا راستہ ضرور ہوگا جہاں سے گزر کر وہ سکون تک پہنچ جائے گا۔ وہ ممیا رہا تھا۔ شاید کسی کو اپنی آواز سنانا چاہتا تھا۔ مگر جنگل میں بھیڑوں کی آواز کون سنتا ہے۔ وہاں تو صرف بھیڑیوں کی دھاڑ کو قانون سمجھا جاتا تھا۔ ایک دن اس نے پہلا راستہ اختیار کیا۔ چند قدم ہی چلا تھا کہ ایک بھیڑیے نے پوچھا۔ کہاں جا رہے ہو؟ بھیڑ کے بچے نے خوف زدہ آواز میں کہا۔ کہ صرف گزرنا چاہتا ہوں۔ بھیڑیے نے راستہ روک لیا۔ یہ راستہ تمہارے لیے نہیں ہے۔ کیونکہ راستے بھی طاقتوروں کے ہوتے ہیں۔ وہ دوسرے راستے پر گیا۔ وہاں بھی ایک بھیڑیا تھا۔ تیسرے راستے پر تیسرا، چوتھے راستے پر چوتھا۔ ہر راستہ کسی نہ کسی کے نام لکھا تھا۔ ہر موڑ پر ایک پنجہ انتظار کر رہا تھا۔ ہر قدم کے ساتھ اس کے جسم پر ایک نیا زخم بڑھتا جا رہا تھا۔ کافی دیر بعد اسے احساس ہوا کہ مسئلہ اس کے قدموں میں نہیں تھا۔ مسئلہ شاید پورے جنگل میں تھا۔ وہ ایک پتھر کے پاس بیٹھ گیا اور آہستہ سے بولا۔ اگر میں نے کوئی جرم نہیں کیا تو پھر میری سزا اتنی لمبی کیوں ہے۔ قریب ہی ایک بوڑھا بھیڑیا بیٹھا تھا۔ وہ ہنس پڑا۔ تم ابھی بچے ہو۔ تمہیں جنگل کے اصول معلوم نہیں۔ یہاں شکار کو پہلے کمزور کیا جاتا ہے۔ پھر اسے سمجھایا جاتا ہے کہ وہ خود کمزور پیدا ہوا تھا۔ بوڑھے بھیڑیے نے اسے دھکا دیا۔ زخمی جسم زمین پر آ گرا۔ اس نے سہارا لینے کے لیے اپنی بیساکھی تلاش کی مگر وہ بھیڑیے کے پنجے میں تھی۔ یہ واپس کر دو۔ بھیڑ کے بچے نے احتجاج کیا۔ بوڑھا بھیڑیا مسکرایا۔ جنگل میں سب سے پہلے سہارے چھینے جاتے ہیں۔ جس کے پاس سہارا نہ ہو، وہ کبھی دور تک نہیں جا سکتا۔ پھر اسے ہر سفر کے لیے ہمارے دروازے پر آنا پڑتا ہے۔ قریب کھڑا لگڑ بگھا ہنسا۔ کبھی یہ سہارا تعلیم کے نام پر ہوتا ہے، کبھی کام کے نام پر، کبھی امید کے نام پر۔ ہم بس پر کاٹ دیتے ہیں، پھر پرواز نہ کرنے پر حیران ہوتے ہیں۔ بھیڑ کا بچہ خاموش رہا۔ اس دن اسے معلوم ہوا کہ جنگل میں صرف زخم نہیں دیے جاتے، کچھ زخموں کو معمول بھی بنا دیا جاتا ہے۔ کچھ دن گزرے تو جنگل کے بیچوں بیچ ایک بڑا میلہ سجایا گیا۔ درختوں پر جھنڈے لٹکائے گئے۔ ڈھول بجنے لگے۔ اعلان ہوا کہ آج محنتی اور خوش قسمت جانوروں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ بھیڑیں، ہرن، خرگوش اور دوسرے جانور اپنی محنت اور خواب لیے قطاروں میں کھڑے ہو گئے۔ کسی کے ہاتھوں پر محنت کے نشان تھے۔ کسی کی آنکھوں میں برسوں کی امید۔ بھیڑ کا بچہ بھی وہاں پہنچا۔ جسم زخموں سے بھرا تھا، مگر دل میں ایک چھوٹی سی امید باقی تھی۔ اس نے سوچا: شاید آج جنگل مجھے دیکھ لے گا۔ انعامات کا وقت آیا۔ نام پکارے جانے لگے۔ مگر انعام ان کے حصے میں آئے جو بھیڑیوں کے قریب تھے۔ لومڑیوں کے دوست تھے۔ یا جن کے پنجے پہلے ہی مضبوط تھے۔ بھیڑ کے بچے نے پوچھا۔ یہ کیسی تقسیم ہے بوڑھا بھیڑیا مسکرایا۔ یہ تقسیم نہیں، قسمت ہے۔ مگر قسمت ہمیشہ ایک ہی طرف کیوں کھڑی ہوتی ہے۔ بوڑھے بھیڑیے نے جواب نہیں دیا۔ اسی لمحے بندر اونچی جگہ پر کھڑا ہوا اور اعلان کیا۔ آج انصاف قائم ہو گیا۔ سب کو ان کا حق مل گیا۔ تالیاں بجنے لگیں۔ جنگل میں خوشی کا شور پھیل گیا۔ مگر بھیڑ کا بچہ اپنے خالی ہاتھوں کو دیکھتا رہا۔ اس نے محسوس کیا کہ کبھی کبھی سب سے بڑا شور بھی سب سے گہری خاموشی کو چھپا لیتا ہے۔ وقت گزرتا گیا۔ بھیڑ کا بچہ بڑا ہونے لگا۔ مگر جنگل کے اصول نہیں بدلے۔ اس کی روٹی کبھی موسم لے جاتا، کبھی کسی کا حکم، کبھی کسی کا پنجہ۔ اس کے خواب پہلے تقسیم ہوئے۔ پھر مدھم اور پھر خاموش۔

ایک دن اس نے بوڑھے بھیڑیے سے پوچھا۔ کیا کبھی یہ جنگل بدل سکتا ہے۔ بوڑھا بھیڑیا بولا۔ جنگل ہمیشہ بدلتا ہے۔ کبھی درخت بدلتے ہیں۔ کبھی موسم اور کبھی شکار بدل جاتا ہے۔ اس دن اسے معلوم ہوا کہ سب سے خطرناک پنجہ وہ ہے جو کسی کو یہ یقین دلا دے کہ وہ ہمیشہ زخمی رہنے کے لیے پیدا ہوا ہے۔

شام آہستہ آہستہ جنگل پر اتر رہی تھی مگر جنگل کے بیچوں بیچ آج پھر جشن تھا۔ بھیڑیے ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہے تھے۔ لگڑ بگھے قہقہے لگا رہے تھے اور بندر اعلان کر رہا تھا۔ تالیاں بجتی رہیں مگر ایک کونے میں بھیڑ کا بچہ خاموش بیٹھا تھا۔ اس نے اپنے خالی ہاتھوں کو دیکھا۔

وہ ہاتھ جو کبھی کسی درخت کی چھاؤں پکڑنا چاہتے تھے، کبھی کسی دروازے پر دستک دینا چاہتے تھے۔ اب وہاں کچھ نہیں تھا۔ ہوا چلی تو میدان میں پڑا ایک کاغذ اس کے قدموں کے پاس آ گرا۔ اس پر لکھا تھا۔

جنگل میں سب برابر ہیں۔

وہ دیر تک اسے دیکھتا رہا۔ پھر کاغذ واپس زمین پر رکھ دیا۔ کیونکہ بعض اوقات الفاظ بہت خوبصورت ہوتے ہیں مگر ان کے سائے بہت اندھیرے۔ رات گہری ہوئی۔ دور کہیں ایک اور بھیڑ کا بچہ ممیا رہا تھا۔ وہی آواز۔ وہی خوف۔ وہی امید

اور جنگل میں ایک بار پھر بھیڑیوں کی دھاڑ گونجی۔ صبح جب سورج نکلا تو جنگل ویسا ہی تھا۔ راستے وہی تھے۔ تختیاں وہی تھیں۔

قانون وہی تھا۔ بس ایک فرق تھا۔ ایک اور بھیڑ کے بچے نے یہ سیکھ لیا تھا کہ جنگل میں زندہ رہنے کے لیے صرف سانس لینا کافی نہیں ہوتا۔ کبھی کبھی یہ بھی یاد رکھنا پڑتا ہے کہ وہ بھیڑ ہے، شکار نہیں اور شاید کسی دن جنگل کو بھی یہ یاد آ جائے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

یمنیٰ زیدی بھی رونالڈو کی مداح نکلیں، آخری میچ اسٹیڈیم میں دیکھا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ یمنیٰ زیدی بھی پرتگال کے سپر اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کی مداح نکلیں۔ ڈرامہ 'قرض جاں' کے بعد اسکرین سے دور رہنے والی اداکارہ یمنیٰ زیدی ان دنوں امریکا میں اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ وقت گزار رہی ہیں۔ انہوں نے فیفا ورلڈ کپ کے دوران پرتگال اور اسپین کے درمیان ہونے والا اہم میچ بھی اسٹیڈیم میں جا کر دیکھا۔ یمنیٰ زیدی نے سوشل میڈیا پر میچ کی جھلکیاں شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں فٹبال کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں اور ان کا علم صرف '10 فیصد' ہے تاہم اسٹیڈیم کا ماحول اور شائقین کا جوش و خروش انہیں بے حد پسند آیا۔ یہ مقابلہ پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے ورلڈ کپ کیریئر کا آخری میچ بھی ثابت ہوا۔

مالی خودمختاری انسان کی عزت کو برقرار رکھنے میں کردار ادا کرتی ہے، نشو بیگم

لاہور (بیورو رپورٹ) ماضی کی معروف پاکستانی فلم اسٹار نشو نے بزرگ افراد کو جائیداد کے حوالے سے اہم مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھاپے میں اپنی صحت اور دولت کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ نشو بیگم جو اپنے دور کی مقبول اداکارہ رہی ہیں، نے "رنگیلا"، "بازی"، "انسان اور گدھا" اور "سوسائٹی گرل" سمیت متعدد کامیاب فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ وہ حالیہ برسوں میں سوشل میڈیا پر بھی متحرک ہیں اور یوٹیوب و ٹک ٹاک کے ذریعے مداحوں سے رابطے میں رہتی ہیں۔ وہ معروف اداکارہ صاحبہ افضل کی والدہ بھی ہیں۔ حال ہی میں نشو نے میزبان یازی کے پوڈکاسٹ "دی یازی سٹک شو" میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے تجربات کی روشنی میں بزرگ والدین کو مشورہ دیا۔ نشو کا کہنا تھا کہ بڑھاپے میں انسان کو اپنی صحت اور مالی معاملات پر مکمل کنٹرول رکھنا چاہیے کیونکہ بعض اوقات قریبی لوگ بھی رویہ بدل لیتے ہیں۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ زندگی میں اپنی جائیداد بچوں کے نام نہیں کرنی چاہیے۔ ان کے مطابق جو کچھ آپ کے پاس ہے وہ آپ کے انتقال کے بعد خود بخود بچوں کو مل جائے گا لیکن اگر آپ زندگی میں ہی سب کچھ دے دیں گے تو آپ کی اہمیت کم ہو سکتی ہے۔ نشو نے مزید کہا کہ بعض صورتوں میں مالی خودمختاری انسان کی عزت اور دیکھ بھال کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور انسان کو دنیا کے بجائے اللہ کے سامنے جوابدہ ہونا چاہیے۔

وسیم عباس نے صبا حمید سے طلاق کی تصدیق کر دی

کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار وسیم عباس نے پہلی بار اداکارہ صبا حمید سے اپنی علیحدگی کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ دونوں کئی برس قبل ایک دوسرے سے الگ ہو چکے تھے، جبکہ ان کی 29 سالہ ازدواجی زندگی قانونی طور پر بھی اپنے اختتام کو پہنچ چکی ہے۔ وسیم عباس اور صبا حمید کو طویل عرصے تک پاکستانی شوبز کی باوقار اور کامیاب جوڑیوں میں شمار کیا جاتا رہا۔ دونوں نے نہ صرف اسکرین پر اپنی اداکاری سے ناظرین کے دل جیتے بلکہ نجی زندگی میں بھی ان کے تعلقات کو مثالی سمجھا جاتا تھا۔ تاہم حالیہ انٹرویو میں وسیم عباس نے انکشاف کیا کہ وہ اور صبا حمید گزشتہ 14 برس سے علیحدہ رہ رہے تھے۔ اداکار کے مطابق اگرچہ دونوں نے الگ ہونے کا فیصلہ کر لیا تھا، لیکن اس کے باوجود ان کے تعلقات خوشگوار رہے۔ انہوں نے بتایا کہ علیحدگی کے بعد بھی وہ مختلف منصوبوں میں ایک ساتھ کام کرتے رہے اور کبھی کبھار دوستوں کی حیثیت سے ملاقاتیں اور کھانے پر بھی اکٹھے جاتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مستقبل میں کسی ڈرامے میں دوبارہ ساتھ کام کرنے کا موقع ملا تو وہ اس کے لیے بھی تیار ہیں، کیونکہ ان کے دل میں صبا حمید کے لیے کسی قسم کی تلخی یا ناراضی موجود نہیں۔ طلاق سے متعلق اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے وسیم عباس نے کہا کہ اس فیصلے پر انہیں کوئی افسوس یا دکھ محسوس نہیں ہوا، کیونکہ وقت گزرنے کے ساتھ ان کے درمیان وہ جذبات باقی نہیں رہے تھے جن پر رشتہ قائم رہ سکتا۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ اس شادی سے ان دونوں کی کوئی اولاد نہیں تھی۔ وسیم عباس نے مزید بتایا کہ صبا حمید کے اہلِ خانہ کے ساتھ بھی ان کے تعلقات ہمیشہ خوشگوار رہے۔ ان کے بقول انہوں نے اپنی زندگی میں محبت سے زیادہ باہمی احترام کو اہمیت دی

ایشا امبانی کا ہیروں جڑا بیگ پیرس فیشن ویک کی توجہ کا مرکز بن گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی بزنس ٹائیکون مکیش امبانی کی بیٹی ایشا امبانی نے پیرس ہاؤٹ کاؤچر ویک میں اپنی شاندار انٹری سے سب کی توجہ حاصل کر لی، تاہم ان کے مہنگے لباس سے زیادہ ایک نایاب ہینڈ بیگ نے محفل لوٹ لی۔ ایشا امبانی کی جانب سے اٹھایا گیا ہیروں سے جڑا ہرمیس برکن بیگ دنیا کے مہنگے ترین بیگز میں شمار کیا جا رہا ہے، جس کی مالیت تقریباً 20 لاکھ امریکی ڈالر (تقریباً 56 کروڑ پاکستانی روپے سے زائد) بتائی جا رہی ہے۔ ایشا امبانی معروف بھارتی ڈیزائنر راہول مشرا کے رن وے شو میں شرکت کے لیے پہنچی تھیں، جہاں ان کے ہاتھ میں موجود انتہائی نایاب Hermès Birkin Sac Bijou نے فیشن کی دنیا میں سب کی نظریں اپنی جانب کھینچ لیں۔ لگژری ری سیل پلیٹ فارم پرایو پورٹر اور نیلام گھر سوتھبیز کے مطابق اس منفرد بیگ کی قیمت تقریباً 2 ملین ڈالر ہے۔ یہ عام برکن بیگ کی طرح روزمرہ استعمال کے لیے نہیں بنایا گیا بلکہ اسے ایک ہینڈ بیگ کے روپ میں قیمتی زیور کا درجہ حاصل ہے۔ یہ منفرد بیگ فرانسیسی لگژری برانڈ ہرمیس کی ہاؤٹ جیولری کلیکشن کا حصہ ہے، جسے معروف ڈیزائنر پیئر ہارڈی نے تیار کیا۔ بیگ کو 18 قیراط سفید سونے سے بنایا گیا ہے، جس پر ہاتھ سے 3 ہزار 25 چمکتے ہوئے ہیروں کو جڑا گیا ہے، جن کا مجموعی وزن 111 قیراط سے زیادہ ہے۔ انتہائی چھوٹے سائز کے اس بیگ میں سفید سونے سے تیار کردہ مگرمچھ کی جلد جیسا ڈیزائن دیا گیا ہے، جو اسے مزید منفرد بناتا ہے۔

بقیہ نمبر 1

اورغیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور جاری تعمیرات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،،ڈی سی مری کی ہدایات پر مری میں پابندی کے باوجود جاری تعمیرات کے خلاف کریک مہم جاری ہے اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن(ر) ارشد اقبال،چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن مری مرزا مظفر بیگ، میونسپل آفیسر پلاننگ رضا الٰہی،پیر افورس انچارج ندیم گوہر،انسپکٹر اظہر حجہ اورانفورسمنٹ انسپکٹر طارق قریشی کی سربراہی میں پڑھنہ روڈ پر جاری تعمیرات اور خلاف ورزی کیخلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا،اس دوران پابندی کے باوجود زیرِ تعمیر عمارتوں کے حصوں کومسمار کر دیا گیا، جبکہ پلرز، لنٹر اور شیٹرنگ بھی بھاری مشینری کے ذریعے گرادی گئی۔

بقیہ نمبر 2

کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی رہنمائی میں عوامی مسائل کوترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور ضلع جہلم کوایک خوبصورت، جدید سہولیات سے آراستہ علاقہ بنانا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈپٹی کمشنر جہلم کی قیادت میں شہریوں کی فلاح و بہبود، صفائی ستھرائی کے نظام میں بہتری اور شہر کے بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 3

امر کا اعادہ کیا گیا کہ نیلامی کا تمام عمل شفاف، منصفانہ اور مسابقتی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا تاکہ سرمایہ کاروں کو بہترین سہولیات اور مساوی مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ ایکشن مینجمنٹ کمیٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کمرشل پلاٹس کی آئندہ نیلامی کو کامیاب، شفاف اور

بقیہ نمبر 4

نقوی کی موجودگی میں دفتر قائد ملت جعفریہ مشہد مقدس کے زیر اہتمام "شہید رہبر اور عصر حاضر کے تقاضے" کے عنوان سے ایک پروقار تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا، جس میں مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی، ڈاکٹر سید عون ساجد نقوی، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری محمد علی قائد، علماء کرام، زائرین اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے موجودہ ملکی و بین الاقوامی صورتحال، امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز، عزاداری امام حسین علیہ السلام کے دوران پیش آنے والے مسائل اور تنظیمی و ملی امور پر تفصیلی اظہارِ خیال کیا۔ انہوں نے اتحادِ امت، صبر، بصیرت اور دینی شعور کو موجودہ دور کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کارکنان کو باہمی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ کی تلقین کی۔ خطاب کے بعد انہوں نے کارکنان کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے اپنے خطاب میں موجودہ علاقائی اور بین الاقوامی حالات، زائرین کو درپیش مشکلات، راستوں کی بندش، مزاحمتی فکر کی اہمیت اور ملت جعفریہ کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں امتِ مسلمہ کے لیے حوصلے، استقامت اور بیداری کا سرچشمہ ہیں اور ان کے افکار سے رہنمائی لیتے ہوئے موجودہ چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ پروگرام کے اختتام پر شہید رہبر معظم کے بلندیٔ درجات، پاکستان و ایران، امتِ مسلمہ، ملک و ملت کی سلامتی، اتحادِ امت اور عزاداری سید الشہداء علیہ السلام کے تحفظ کے لیے اجتماعی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 5

،سماجی شخصیات اور سی ڈی اے مزدور یونین کے عہدیداران اور ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران حج کی سعادت حاصل کرنے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کی گئی اور ان کی دینی فریضے کی ادائیگی پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے حجاج کرام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور انہیں اپنی زندگیوں میں اس روحانی سفر کے اثرات کو برقرار رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ اس سال حج کے بہترین انتظامات کی بدولت لاکھوں عازمین حج نے اپنا مذہبی فریضہ نہایت احسن انداز میں ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان، وزارتِ مذہبی امور اور متعلقہ اداروں نے حجاج کرام کو رہائش، ٹرانسپورٹ، خوراک، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کی فراہمی کے لیے قابلِ تحسین اقدامات کیے جن کی بدولت پاکستانی عازمین کو بہترین سہولیات میسر آئیں۔ انہوں نے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف اور ان کی پوری ٹیم کو کامیاب حج آپریشن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے موثر اور منظم انتظامات حکومت کی سنجیدگی اور عازمینِ حج کی خدمت کے جذبے کا مظہر ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ برسوں میں بھی حج انتظامات کو مزید جدید اور سہل بنایا جائے گا تاکہ ہر حاجی کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ اس موقع پر چوہدری محمد یٰسین نے شاندار استقبالیہ تقریب کے انعقاد پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی قیادت، منتظمین اور تمام معاونین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حج سے واپس آنے والے افراد کی عزت افزائی اور حوصلہ افزائی ایک قابلِ تحسین روایت ہے جس سے معاشرے میں دینی اقدار کو فروغ ملتا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ حکومت عازمین حج کی خدمت کو اپنی اہم ذمہ داری سمجھتی ہے اور اسی جذبے کے تحت حج انتظامات میں مسلسل بہتری لائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سال حج آپریشن کے دوران پاکستانی حجاج کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے وزارتِ مذہبی امور، سعودی حکام اور متعلقہ اداروں نے باہمی تعاون سے مؤثر اقدامات کیے جن کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئندہ بھی حجاج کرام کو مزید معیاری سہولیات، بہتر رہائش، آسان سفری انتظامات اور جدید سہولتوں کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ پاکستانی عازمینِ حج زیادہ سے زیادہ آسانی اور اطمینان کے ساتھ اپنے مذہبی فرائض ادا کرسکیں۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ نمبر 6

یونیورسٹی آف سنڈرلینڈ سے فرسٹ کلاس آنرز ڈگری حاصل کرلی فہد علی ارشد کی اس نمایاں تعلیمی کامیابی پر اہلِ خانہ، دوست احباب اور مختلف سماجی و کاروباری شخصیات نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ارشد عباسی اور ان کے خاندان کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید کا اظہار کیا کہ فہد علی ارشد مستقبل میں بھی اسی محنت، لگن اور عزم کے ساتھ کامیابیوں کا سفر جاری رکھتے ہوئے اپنے والدین، علاقے اور ملک کا نام مزید روشن کریں گے۔

بقیہ نمبر 7

لوگوں نے ان کی صحت یابی پر انہیں مبارکباد دی گلدستے پیش کیے اوران کی درازی عمر کے لیے دعا کی اس موقع پر چیئرمین عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے تمام جملہ احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے میری صحت یابی کے لیے جو دعائیں کیں فکر مند ہوئے اور آج یہاں پر مبارکباد دینے آئے میں آپ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں انشاءاللہ ہم اپنی پارٹی کا منشور گھر گھر پہنچانے کے لیے دوبارہ نئے جذبے ہمت اور جوش سے کام کریں گے آپ میری ٹیم ہیں مجھے آپ پر فخر ہے اور ہم مل کر چلیں گے انھیں صحتیابی پر گلدستے اور مبارکباد دینے والوں میں یوسی 60 ترلائی کلاں کے چیئرمین راجہ کامران اصغر راجہ وحید احمد قاضی ظفر طاہر خان منصور افتخار عمر حیات عبدالجبار رضوان عباسی ڈاکٹر شکیل احمد سہراب بیگ۔ سلمان منہاس پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین راجہ ادیب سردار ریاض عادل راجہ ڈاکٹر محمد نعیم ڈاکٹر احتشام ڈاکٹر سائرہ شعبہ خواتین کی سیدہ فردوس پروین صدیق خواجہ ملک تماشا اور سیکرٹری فرزانہ ریاض اور دیگر عہدے دار شامل تھے۔

بقیہ نمبر 8

سی پی) کے مطابق اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 5 لاکھ 83 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ نئے سرمایہ کاروں میں 45 فیصد کا تعلق 18 سے 30 سال عمر کے نوجوانوں سے ہے، جبکہ 31 سے 45 سال عمر کے افراد کا تناسب 41 فیصد رہا۔ ایس ای سی پی کے مطابق نئے سرمایہ کاروں کی بڑی تعداد نوجوان طبقے کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کرتی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق کراچی 25 فیصد نئے سرمایہ کار اکاؤنٹس کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ لاہور 16 فیصد کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی سے مجموعی طور پر 13 فیصد نئے سرمایہ کار اسٹاک مارکیٹ میں شامل ہوئے۔ سہولت اکاؤنٹ کی حد 10 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ روپے کرنے سے سرمایہ کاری کا عمل مزید آسان ہوا ہے۔ اس کے علاوہ بینکوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جبکہ آئی بی اے این ویریفکیشن اور مائنر ٹریڈنگ اکاؤنٹس جیسے اقدامات سے سرمایہ کاروں کو مزید سہولت ملی ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ نوجوانوں کو کیپٹل مارکیٹ سے منسلک کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرمایہ کاری کو مزید آسان بنانے کے لیے ڈیجیٹل آن بورڈنگ موبائل ایپ متعارف کرائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹل مارکیٹ عوام کی بچت کو پیداواری سرمایہ کاری میں تبدیل کر کے معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، جبکہ ایس ای سی پی کا مقصد سرمایہ کاری کو آسان، تیز اور ہر شہری کے لیے قابلِ رسائی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 9

اطلاعات طاہر رضا ہمدانی اور سیاسی و اکنامک ایڈوائزر صدف سعد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں امریکی قونصل جنرل نے پنجاب فلم سٹی کے قیام اور پنجاب میں تھیٹر ریوائیول کے لیے اقدامات کو سراہا، لاہور میں امریکی فنکاروں اور الحمراء آرٹس کونسل کے درمیان مشترکہ پارٹنرشپ قائم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عظمیٰ بخاری نے امریکی قونصل جنرل کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں خواتین، طلبہ اور کسانوں کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، پنجاب میں اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت ایک لاکھ 70 ہزار گھر بن رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے امریکی قونصل جنرل کو سوونیئر بھی پیش کی

بقیہ نمبر 10

مارشل عاصم منیر اور پاک افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشت گردی میں ملوث لوگ ملک دشمن عناصر ہیں جو پاکستان میں امن وامان کا خاتمہ اور عوامی سکون کی تباہی چاہتے ہیں ایسے عناصر کی سرکوبی ضروری ہے اس سانحے کے تمام شہدا کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں پی ٹی ایس کے زیر اہتمام منعقدہ ایک تقریب میں کیا ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک شادباد ہمیشہ پاکستان کی سلامتی امن وامان اور عوامی خوشحالی اور بھلائی کے لیے دعا گو ہے اور عملی طور پر اپنی خدمات پاکستان کی ترقی کے لیے سرانجام دینے کے لیے ہر دم تیار ہے۔

بقیہ نمبر 11

ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سنگجانی، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ نون، تھانہ کھنہ، تھانہ ہمک، تھانہ بھارہ کہو اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 21 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 1300 گرام چرس، 2230 گرام آئس، دو خنجر، ایک گن اور مختلف بور کے 11 پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 15 مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن ※※پکار 15※※ پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے

بقیہ نمبر 12

کے لیے شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعل راہ رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دشمن اور اس کے آلہ کار یہ بات یاد رکھیں کہ پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش پہلے بھی ناکام ہوئی ہے اور آئندہ بھی ناکام ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کا مقدس لہو اس قومی عزم کو مزید مضبوط کرتا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ پوری قوم اپنی مسلح افواج، پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے امن و سلامتی کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ تحسین فواد نے بلوچستان کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 13

تقریب میں ماہرین تعلیم، دانشوروں اور شعبہ جاتی ماہرین نے شرکت کی۔ محترمہ ازباء ولائیت خان، ریسرچ اسسٹنٹ کیس لاہور، نے افتتاحی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اسماء خواجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سی آئی ایس ایس، آزاد جموں وکشمیر، نے بھارتی اسٹریٹیجک فکر پر ہندتوا کے اثرات کی تہذیبی اور اساطیری جڑوں کی وضاحت کی۔ اسٹریٹیجک کلچر کی متحرک نوعیت کو واضح کرتے ہوئے انہوں نے اس کی نمایاں خصوصیات کو نظریاتی پسندی، ہندو بالادستی، فریب کاری اور عظیم حکمت عملی کی سوچ قرار دیا۔ ان کے مطابق، بھارت دو محاذی جنگ کے لیے تیاری کا دعویٰ ضرور کرتا ہے، مگر اس کی تہذیبی فطرت میں کسی بھی محاذ پر حد سے زیادہ پھیلاؤ سے گریز شامل ہے، جس کی وجہ سے ایسی جنگ کا امکان کم ہے۔ ڈاکٹر خواجہ کے نزدیک، معرکہ حق کے دوران بھارت کا طرزِ عمل تہذیبی طور پر پہلے سے طے شدہ اور تاریخی بیانیوں میں جڑا ہوا تھا۔ بھارت کی وقار کی جستجو کوٹلیہ کے اس اصول کی غلط تعبیر کے باعث ناکام رہی کہ تیاری کے بغیر محض تاثر قائم کرنا شکست کو دعوت دیتا ہے۔ انہوں نے اپنی گفتگو کا اختتام اس نتیجے پر کیا کہ بھارتی حکمتِ عملی توازنِ طاقت کی بجائے بالادستی کی متلاشی ہے۔ ڈاکٹر بلال غضنفر، اسسٹنٹ پروفیسر اور صدرِ شعبہ بین الاقوامی تعلقات، یونیورسٹی آف رسول نے بیان کیا کہ وزیراعظم مودی کے دورِ حکومت میں بھارت نے نظریاتی، ادارہ جاتی، عسکری، معلوماتی اور سفارتی تبدیلیوں کے ذریعے اپنی اسٹریٹیجک ثقافت کو جان بوجھ کر ازسرِنو تشکیل دیا ہے۔ اس تبدیلی کے پیچھے پانچ عوامل کارفرما تھے: نظریاتی تبدیلی، ادارہ جاتی اور سماجی ازسرِنو ترتیب، جارحانہ عسکری حقیقت پسندی، معلوماتی بالادستی، اور عالمی شراکت داریوں کے ذریعے اسٹریٹیجک رجائیت۔ معرکہ حق اس نئے نقطہ نظر کا پہلا بڑا امتحان ثابت ہوا، جس نے بھارت کی عسکری منصوبہ بندی میں موجود خامیوں کو بے نقاب کر دیا۔ ڈاکٹر غضنفر نے کہا کہ ایئر چیف مارشل بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی آپریشنل کارکردگی نے بھارت کی عسکری منصوبہ بندی اور ۲۰۱۴ کے بعد کی اس کی اسٹریٹیجک فکر کی فکری بنیادوں میں کمزوریاں بے نقاب کر دیں۔ انہوں نے اس نتیجے پر گفتگو کا اختتام کیا کہ بھارت کی نظریاتی سختی اس کی اسٹریٹیجک خود احتسابی کی صلاحیت کو محدود کرنے کا خطرہ رکھتی ہے، جس سے مستقبل کے بحرانوں میں غلط اندازوں کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ اپنے اختتامی کلمات میں، ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ)، صدر کیس لاہور نے کہا کہ ۲۰۱۴ سے بی جے پی نے پروجیکٹ اُدبھو، اگنی پتھ اسکیم اور سینک اسکولوں میں آر ایس ایس کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ جیسے اقدامات کے ذریعے بھارتی فوج کو آر ایس ایس کے نظریے سے تیزی سے ہم آہنگ کیا ہے۔ انہوں نے معرکہ حق میں بھارت کے طرزِ عمل کا موازنہ ایئر چیف مارشل بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کے متوازن ردِ عمل سے کیا

بقیہ نمبر 14

ہو ہی نہیں سکتے۔ کرپٹ سیاسی نظام کے خلاف مزاحمت حب الوطنی ہے۔ چیئرمین آزاد عوام تحریک جاوید انتظار نے اہلیان غوری گارڈن اور غوری ٹاؤن فیز فور سے ملاقاتوں میں کہا کہ حق پر چلنے والوں کی زندگی مشکل ہوتی ہے۔ مقصد اور نظریہ چھوٹا ہو تو آگے نہیں بڑھا جا سکتا۔ حق بات کرنے کے لئے فولادی ارادے اور پہاڑ جیسی ہمت درکار ہے۔ آزاد عوام تحریک کرپٹ سیاسی نظام کے خلاف مزاحمت کا نام ہے۔ جو عام آدمی اور اسکے مسائل کے حل کی بات کرتی ہے

بقیہ نمبر 15

میں پانی کی شدید قلت اور یہ کہ جب ہاسٹل انتظامیہ اپنی مدد آپ کے تحت پانی کا انتظام کرنے کی کوشش کرتی ہے تو انہیں بھی مختلف رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے ہزاروں طلبہ متاثر ہو رہے ہیں۔ طلباء طالبات کے مطابق یہ احتجاج مکمل طور پر پرامن ہوگا اور اس کا مقصد صرف طلبہ کے جائز اور بنیادی حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 16

قیمتوں میں کافی عرصے سے نمایاں کمی آ چکی ہے، لیکن افسوس کہ پاکستان میں اس کا فائدہ عوام تک منتقل کرنے کے بجائے حکومت نے اپنے مالیاتی بوجھ کا زیادہ تر انحصار پٹرولیم لیوی اور دیگر بالواسطہ ٹیکسوں پر کر رکھا ہے۔ یہ پالیسی عوام پر ناقابلِ برداشت معاشی بوجھ ڈال رہی ہے۔ کل 10 جولائی کو امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے احتجاج کی کال دی گئی ہے۔ ہم اس احتجاج کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور پاکستان بھر کے مزدوروں، کسانوں، محنت کشوں اور تمام عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے بھرپور اور پرامن انداز میں اس احتجاج میں شریک ہوں۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ پٹرول کی قیمت 225 روپے فی لیٹر پر کم از کم تین سال کے لیے فکس کی جائے۔ پٹرولیم لیوی جیسے عوام دشمن ٹیکس کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ اب تک پٹرولیم لیوی کی مد میں وصول کی گئی رقوم کی مکمل تفصیلات اور عوامی احتساب کیا جائے۔ بجلی، گیس، آٹا، چینی، دالیں، خوردنی تیل، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں میں فوری اور مؤثر کمی کی جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ انہوں نے مزدوروں، کسانوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یاد رکھیں! حقوق کبھی خیرات میں نہیں ملتے، بلکہ اجتماعی جدوجہد اور منظم مزاحمت سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ مزاحمت میں زندگی ہے، مزاحمت کریں گے تو جینے کا حق بھی حاصل کریں گے۔

بقیہ نمبر 17

نہیں، دعوتِ دین اور معاشرتی اصلاح کے موضوع پر خطاب کیا۔

منصورہ ہسپتال کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ جماعت اسلامی کی سیاست کا مرکز اقتدار نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت ہے۔ صحت، تعلیم اور فلاحِ عامہ کے میدان میں جماعت اسلامی کے منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ خدمتِ خلق ہی ہمارے دین کی حقیقی روح ہے۔

انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص ہزاروں خواتین کی زندگیاں بچا سکتی ہے۔ ڈاکٹر فوزیہ اور ان کے اہلِ خانہ کی جانب سے قائم کیا گیا یہ فری میموگرافی ڈائیگناسٹک سینٹر ایک عظیم صدقہ جاریہ اور معاشرے کے لیے قابلِ تقلید مثال ہے۔ ایسے منصوبے نہ صرف بیماریوں کی بروقت تشخیص میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ خواتین میں صحت کے حوالے سے شعور بھی بیدار کرتے ہیں۔

ڈاکٹر حمیرا طارق نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی ہمیشہ ایسے فلاحی منصوبوں کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کرتی رہے گی جو انسانی جانوں کے تحفظ، معاشرتی خیر اور اللہ کی رضا کے لیے قائم کیے جائیں۔ خدمتِ خلق کا یہی جذبہ ایک مضبوط، باوقار اور رحم دل معاشرے کی بنیاد بنتا ہے۔

اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، ثمینہ سعید، ڈاکٹر امت اللہ زرین، ڈاکٹر اختر، ناظمہ لاہور عظمیٰ عمران، ناظمہ وسطی پنجاب نازیہ توحید سمیت دیگر ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ موجود تھیں۔ انہوں نے بھی خواتین کی بروقت تشخیص، صحتِ عامہ کے فروغ اور انسانی خدمت کے اس مثالی منصوبے کو بے حد سراہتے ہوئے اسے معاشرے کے لیے امید اور خیر کا قابلِ تقلید نمونہ قرار دیا۔

بعد ازاں بحریہ ٹاؤن کے Alure Event Hall میں پی پی 165 اور پی پی 166 کے فہم القرآن کورس کی مربیات اور شرکاء کی مرکزی نظم کے ساتھ خصوصی نشست منعقد ہوئی، جس میں سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق نے کورس کے اغراض و مقاصد پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے شرکاء کے سوالات کے جوابات دیے۔

اپنے خطاب میں ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ قرآن مجید صرف پڑھنے کی نہیں بلکہ سمجھنے، اپنانے اور معاشرے میں نافذ کرنے کی کتاب ہے۔ آج امتِ مسلمہ کو درپیش اخلاقی، خاندانی اور سماجی بحرانوں کا حقیقی حل قرآن کی تعلیمات سے وابستگی میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فہم قرآن انسان کے کردار، خاندان اور معاشرے میں مثبت تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ جب خواتین قرآن کو سمجھ کر اپنی زندگیوں کا حصہ بناتی ہیں تو اس کے اثرات آنے والی نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں اور ایک صالح معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ فہم القرآن کورس کے اثرات سے متاثر ہو کر متعدد شرکاء نے جماعت اسلامی کے نظم کے تحت بطور کارکن خدمات انجام دینے کی خواہش ظاہر کی، جسے انہوں نے دعوتِ دین کی کامیابی اور شعوری بیداری کی خوش آئند علامت قرار دیا۔ بعد ازاں مربیات کے ساتھ ایک خصوصی نشست بھی منعقد ہوئی، جس میں کورس کے دوران پیش آنے والے تجربات، مسائل اور آئندہ کی حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے مربیات کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کا پیغام گھروں تک پہنچانے والی مربیات دراصل معاشرے کی فکری اور اخلاقی تعمیر کی معمار ہیں، اور ان کی یہ محنت اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین اجر کی مستحق ہے

بقیہ نمبر 18

،ایمانداری اور خوش اخلاقی کے باعث ریلوے میں اچھی شہرت کے حامل آفیسر ہیں ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور انعام اللہ، ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ حمدان نزیر سمیت ڈویژنل واسسٹنٹ افسران نے ان کو تعیناتی پر خوش آمدید کہا اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا ریلوے ملازمین کے علاوہ ریلوے پریم یونین لاہور ڈویژن کے وفد نے بھی جہانزیب احمد خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی مبارکبادی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

بقیہ نمبر 19

روپے بڑھ گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب سے اپیل ھے کہ پابندیاں ختم کی جائیں تاکہ عوام کوسستا آٹا فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار محمد ظہور بھٹی صدر فلور ملز ایسوسی ایشن نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب کے مختلف اضلاع سے راولپنڈی کے بازاروں میں روزانہ آٹا اور فائن میدہ آتا تھا جس کا ریٹ مقامی فلور ملوں سے میدہ فائن فی بوری 1500 روپے اور 15 کلو تھیلے کا ریٹ 150 روپے کم تھا اور راولپنڈی اسلام آباد کی عوام کو سستا اور معیاری آٹا ملتا تھا آب دو ھفتوں سے پنجاب کے آٹے راولپنڈی اسلام آباد لانے پر پابندی لگا دی گئی ھے جس کی وجہ سے مقامی فلور ملیں آپنی مرضی سے ریٹ بڑھا دیتی ھیں راولپنڈی کے آٹا ڈیلر اور عوام وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کرتے ھیں کہ پنجاب کے تمام اضلاع سے روالپنڈی اسلام آباد میں آٹا میدہ فائن لانے پر پابندیاں اور رکاوٹیں ختم کریں تاکہ عوام کو سستا آٹا مل سکے

بقیہ نمبر 20

دھماکے اتنے شدید تھے کہ پناہ گزینوں کے خیمے سیکنڈوں میں راکھ کا ڈھیر بن گئے اور کم از کم 150 سے زائد خاندانوں کے سر سے چھت ایک بار پھر چھن گئی۔ اس حملے میں خواتین اور معصوم بچوں سمیت متعدد افراد شہید اور درجنوں زخمی ہوئے۔ دوسری جانب، غزہ سٹی میں اسلامک یونیورسٹی کے قریب ایک سویلین گاڑی اور شیخ رضوان کے علاقے میں ڈرون حملوں کے ذریعے شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، جہاں ایمبولینسوں کے ذریعے لاشوں اور زخمیوں کو الشفاء اور دیگر ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ حملوں کے فوری بعد ناصر ہسپتال (خان یونس) اور غزہ سٹی کے طبی مراکز میں ہنگامی صورتحال نافذ کردی گئی ہے، جہاں طبی عملہ محدود وسائل کے باوجود زخمیوں کی جانیں بچانے کی جدوجہد کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں (OCHA) نے الرٹ جاری کیا ہے کہ بمباری کے نتیجے میں سینیٹیشن (صفائی ستھرائی) کا نظام مکمل تباہ ہوچکا ہے، جس کی وجہ سے خیمہ بستیوں میں چکن پاکس (لاکھڑا کاکڑا) اور دیگر جلدی امراض تیزی سے پھیل رہے ہیں اور صرف دو ہفتوں میں 9 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے ہیں

بقیہ نمبر 21

اور موٹر بائیک ریسکیو سروس کے ہمراہ فوری جائے حادثہ پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد دینے کیلئے مزید طبی معائنہ اور علاج کیلئے قریبی ہسپتال فاروق ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 22

ثابت ہونے پر ملزم عاطف زمان کو 2 بار سزا موت کا حکم دے دیا، عدالت نے مفرور شریک ملزم عادل زمان کے دائمی وارنٹ جاری کر دیئے۔ عدالت نے بطور جرمانہ 10 لاکھ روپے ورثا کو ادا کرنے کا حکم دیا، فیصلے کے وقت مرکزی ملزم عاطف زمان جیل سے ویڈیو لنک پر موجود تھا، پراسیکیوشن نے کہا کہ اینکر مرید عباس سمیت دو افراد کو 9 جولائی 2019 کو قتل کیا گیا تھا، ملزم عاطف زمان اور عادل زمان کے خلاف تھانہ درخشاں میں درج کیا گیا تھا۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزم عاطف زمان اور اسکے بھائی عادل زمان نے کاروباری لین دین میں اینکر مرید عباس اور خضر حیات کو قتل کر دیا تھا۔ ملزم عادل زمان سپریم کورٹ سے درخواست ضمانت مسترد ہونے کے بعد فرار ہوگیا تھا، ٹرائل کورٹ نے عادل زمان کو اشتہاری قرار دے رکھا

بقیہ نمبر 23

اور انجیوگرافی ہفتہ میں صرف تین دن ہوتی ہے وہ بھی عام غریب مریضوں کی نہیں بلکہ ڈاکٹرز اپنے تعلق والے مریضوں کو یہاں پر لا کر صرف انکی انجیوگرافی یہاں پر کی جاتی ہے گزشتہ سال وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہسپتال کی افتتاحی تقریب کے دوران اعلان کیا تھا کہ یہاں امراضِ قلب کے علاج کی تمام جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی، تاکہ مری، گلیات اور گردونواح کے عوام کو اپنے علاقے میں ہی دل کے آپریشن اور معیاری علاج میسر آ سکے۔ تاہم ایک سال گزرنے کے باوجود بیشتر سہولیات مکمل طور پر فعال نہیں ہوسکیں۔ مریضوں اور ان کے اہلِ خانہ کا کہنا ہے کہ دور دراز علاقوں سے سفر کر کے ہسپتال پہنچنے کے باوجود انہیں ایکو اور انجیوگرافی سمیت دیگر ضروری تشخیصی سہولیات میسر نہیں آتیں، جس کے باعث انہیں مایوس ہو کر دوسرے ہسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے یہاں کروڑوں روپے کی لاگت سے قائم کی گئی کیتھ لیب بھی ماہر امراضِ قلب اور تربیت یافتہ عملے کی کمی کے باعث پوری استعداد کے ساتھ فعال نہیں ہوسکی جس سے مریضوں کو علاج معالجے میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔ ادھر جنرل ہسپتال بھی فنڈز کی عدم دستیابی طبی عملے کی کمی اور ہسپتال انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث دیگر شعبوں کی کارکردگی بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ عوامی، سماجی اور سیاسی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نواز شریف کارڈیالوجی سینٹر سالمی کی موجودہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مستقل ماہر ڈاکٹرز کی تعیناتی، انجیوگرافی لیب کو مکمل فعال بنانے، ایکو سمیت تمام ضروری طبی سہولیات کی فراہمی اور ہسپتال کو جدید طبی آلات و افرادی قوت سے آراستہ کرنے کے احکامات جاری کریں تاکہ علاقے کے عوام کو علاج کے لیے دوسرے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔

بقیہ نمبر 24

ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ۔ سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے شہر بھر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا۔ انہوں نے سکیورٹی انتظامات اور چیکنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور انہیں سکیورٹی ڈیوٹی انتہائی ذمہ داری، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ مزید براں مشکوک گاڑیوں، موٹرسائیکلوں اور افراد کی موثر چیکنگ یقینی بنانے، سکیورٹی کے تمام ایس او پیز پر عملدرآمد کرنے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی پر فوری کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ تمام افسران و اہلکار ہر وقت الرٹ رہتے ہوئے اپنے فرائض پوری ذمہ داری اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری برقرار رکھی جائے اور سکیورٹی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شائستگی اور احترام کے ساتھ پیش آنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی سہولت اور موثر سکیورٹی کے درمیان بہترین توازن برقرار رکھا جائے تاکہ شہری خود کو محفوظ اور پراعتماد محسوس کریں۔

بقیہ نمبر 25

کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں یونین کونسل روات، موضع کانیاہ کے رہائشی ضیاء الرحمان عباسی نے اپنے تحریری بیان میں موقف اختیار کیا کہ ان کے والد فضل الرحمن مرحوم نے 1997ء میں وراثتی انتقال نمبر 642 درج کروایا تھا۔ بعد ازاں اس پر عمل درآمد کے لیے فرد بدر نمبر 757 اور 758 ایک سال قبل تحصیلدار مری سے منظور کرایا گیا، تاہم عمل درآمد کے لیے جب حلقہ پٹواری اور گرداور سے رابطہ کیا گیا تو مبینہ طور پر ریکارڈ اراضی سنٹر کے عملے کی ملی بھگت سے وراثتی زمین کے اندراج نام ردو بدل کر دیا گیا ضیاء الرحمان عباسی کے مطابق وہ گزشتہ نو ماہ سے متعلقہ دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں، مگر تا حال ان کے کیس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ مال کے اہلکار اکثر دفاتر سے غیر حاضر رہتے ہیں اور دفاتر کے بیشتر اختیارات غیر قانونی طور پر منشیوں کے سپرد کیے گئے ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ نمبر 26

کنٹونمنٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو غیر قانونی قبضوں سے واگزار کرا دیا گیا ہے ترجمان کنٹونمنٹ بورڈ کے مطابق آپریشن پشاور روڈ، ڈھوک مستقیم، ویسٹریج بازار، ریج روڈ، مصریال روڈ، ڈھوک گجرا، تینچ بھاٹہ روڈ، سیکٹر 22 اور صدر کے مختلف علاقوں میں کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ریڑھیاں، ٹھیلے، ہوٹلوں کے باہر رکھی گئی کرسیاں، غیر قانونی کاؤنٹرز، سائن بورڈز اور دیگر تجاوزاتی سامان ضبط کر لیا گیا۔ ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید نے کہا کہ کنٹونمنٹ علاقوں میں شہریوں کو بہتر سفری سہولتیں فراہم کرنا، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا اور فٹ پاتھوں کو پیدل چلنے والوں کے لیے خالی رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز آپریشن آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا اور کسی کو بھی سرکاری اراضی یا فٹ پاتھوں پر غیر قانونی قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے دکانداروں اور تاجروں سے اپیل کی کہ وہ قانون کی پاسداری کریں اور رضا کارانہ طور پر تجاوزات ختم کریں تاکہ سخت قانونی کارروائی سے بچا جاسکے۔ شہریوں نے کنٹونمنٹ بورڈ کی کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا کہ تجاوزات کے خلاف مہم مستقل بنیادوں پر جاری رکھی جائے تاکہ بازاروں اور شاہراہوں پر نظم وضبط برقرار رہے۔

بقیہ نمبر 27

پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری اس سلسلہ میں ایس ڈی پی او مری محمد عرفان بٹ کی زیرنگرانی میں ایس ایچ او تھانہ پتریاٹہ سعید اکبر کیانی اور ان کی ٹیم بشارت علی اے ایس آئی نے کارروائی کرتے ہوئے جنگل میں تاش پر جوا کھیلنے والے ملزمان کیخلاف چھاپہ مارا، کارروائی کے دوران ملزمان محمد اختر ولد عبدالرحمان سکنہ مظفر آباد اور امتیاز عرف پپو ولد خالق داد سکنہ کہل تحصیل وضلع مری کو موقع سے گرفتار کر لیا گیا، جبکہ دیگر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس نے موقع سے داؤ پر لگی 16 ہزار روپے نقد رقم اور 3 عدد موبائل فون برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لے لیے، ملزمان کیخلاف مقدمہ نمبر 120/26 تھانہ پتریاٹہ میں پنجاب پریوینشن آف گیمبلنگ آرڈیننس 5-1978 اور 7 کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈی پی او نے کہا ہے کہ ضلع مری میں قمار بازی، منشیات اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 28

میں ملوث منظم گروہ کے چار ارکان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے سات مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اینٹی موٹر سائیکل لفٹنگ یونٹ پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے چار ارکان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے سات مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد کر لئے گئے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت ساجد، شیر احمد، حمزہ اور شہزاد کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر نے کہا کہ اسلام آباد میں موٹر سائیکل چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کیخلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں، جس کی وجہ سے وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کے واقعات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے تمام افسران کو ہدایات دی کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور انہیں قانون کی گرفت میں لایا جائے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 29

پاکستان میں ملاقات کی، جس میں انصاف، قانون کی حکمرانی، انسانی وقار، بین المذاہب ہم آہنگی اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مسلم ورلڈ لیگ کا اعلیٰ سطحی وفد، پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی، وزارتِ خارجہ کے سینئر حکام اور دیگر متعلقہ شخصیات بھی موجود تھیں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے مسلم ورلڈ لیگ کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے عالمی سطح پر مکالمے، مذہبی ہم آہنگی، اسلام کی حقیقی تعلیمات کے فروغ، انتہا پسندی اور اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے مسلم ورلڈ لیگ کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے مسلم دنیا میں انسانی فلاح و بہبود کے لیے تنظیم کے کردار اور ڈاکٹر العیسیٰ کی بصیرت افروز قیادت کی بھی تعریف کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ باہمی احترام، پُرامن بقائے باہمی اور مشترکہ انسانی اقدار پر مبنی عالمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے وفد کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے جاری اصلاحاتی ایجنڈے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ انصاف تک رسائی کو آسان بنانا، ادارہ جاتی شفافیت کو مضبوط کرنا اور ٹیکنالوجی پر مبنی عدالتی خدمات کا فروغ عدالتی اصلاحات کے اہم ستون ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آزاد، مؤثر اور عوام دوست عدلیہ قانون کی حکمرانی اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے، جبکہ عدالتی اداروں کے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ روابط اور بہترین طریقہ کار کے تبادلے سے عدالتی نظام مزید مضبوط ہوسکتا ہے۔ ملاقات میں ثالثی، انصاف تک رسائی، عدالتی تعلیم، بنیادی حقوق کے تحفظ، عدالتی انتظامیہ اور کورٹ مینجمنٹ کے شعبوں میں تعاون کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے ضلعی عدلیہ اور تکنیکی افسران کے لیے پیشہ ورانہ تبادلہ پروگرام شروع کرنے کی تجاویز پر بھی غور کیا گیا، جن کا مقصد استعداد کار میں اضافہ، باہمی سیکھنے کے مواقع پیدا کرنا اور بہترین عدالتی تجربات کا تبادلہ ہے۔ اس موقع پر شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے جاری اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے انصاف، رواداری، پُرامن بقائے باہمی اور انسانی فلاح کے فروغ کے لیے مسلم ورلڈ لیگ کے عزم کا اعادہ کیا، ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے قانون کی حکمرانی، انسانی وقار، سماجی ہم آہنگی اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 30

کے مطابق قطری وزیر خارجہ نے فریقین کو کشیدگی بڑھنے سے روکنے کیلئے سفارتکاری پر زور دیا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکا مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔

بقیہ نمبر 31

جلوس شروع ہوا، جلوس امام رضا بابی وے سے ہوتا ہوا حرم امام رضا پہنچا، جہاں جنازہ ادا کرنے کے بعد تدفین کی گئی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق مشہد میں اس وقت 27 ملکوں سے 4 لاکھ 70 ہزار غیر ملکی مہمان موجود ہیں۔ قبل ازیں شہید آیت اللہ علی خامنہ ای کے جنازے کا عراق میں تعزیتی جلوس نکالا گیا، نجف میں روضہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اس کے بعد شہید آیت اللہ خامنہ ای کا جسد خاکی تاریخی جلوس کے ذریعے کربلا لایا گیا،

بقیہ نمبر 32

وزیراعظم کا استقبال کیا۔

بقیہ نمبر 33

اینڈ کلچرل کونسل کے زیر اہتمام جمعرات کو سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا جو چین کی کمیونسٹ پارٹی کے قیام کی 105 ویں سالگرہ کی مناسبت سے منعقد کیا گیا تھا۔ سیمینار میں ملک کی اہم سیاسی شخصیات، ارکان پارلیمنٹ، سفارتکاروں، پالیسی ماہرین اور چین کے سفیر سمیت سفارتخانہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مقررین نے چین کے صدر شی جن پنگ کے پارٹی کی تعمیر سے متعلق نظریے کی عالمی اہمیت اور دیرینہ پاک۔ چین شراکت داری پر تبادلہ اظہار خیال کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے کہا کہ پاک۔ چین تعاون دفاع، تجارت، بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت اور ثقافتی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں تک پھیل چکا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی قیادت میں چین کی شاندار ترقی مضبوط اداروں، طویل المدتی منصوبہ بندی اور موثر طرز حکمرانی کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا نے ایک صدی سے زائد عرصے کے دوران غیر معمولی ادارہ جاتی مضبوطی کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجہ میں چین نے بے مثال معاشی تبدیلی حاصل کی اور اس نے کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں عالمی ترقی میں نمایاں کردار کی حامل ہیں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ شی جن پنگ کا پارٹی کی تعمیر سے متعلق نظریہ خود احتسابی، اندرونی جوابدہی اور بدعنوانی کے خلاف مضبوط موقف پر زور دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اصول بالخصوص گلوبل ساؤتھ کی سیاسی جماعتوں اور اداروں کیلئے مفید رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ پائیدار اداروں کو عوام کے سامنے جواب دہ رہنا چاہئے، تسلسل اپنی تجدید کرتے رہنا چاہئے اور سیاسی استحکام کو ایسی ترقی میں تبدیل کرنا چاہئے جس سے عام شہری مستفید ہوں۔ پاک۔ چین دیرینہ دوستی کا اعادہ کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے اس تعلق کو باہمی اعتماد، مشترکہ مفادات اور تزویراتی تعاون پر مبنی آہنی بھائی چارہ قرار دیا۔ انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو، چیئرمین ماؤزے تنگ اور وزیراعظم چو این لائی کے وژن کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے چین اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک۔ چین تعاون دفاع، تجارت، بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت اور ثقافتی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں تک پھیل چکا ہے۔ انہوں نے چین پاکستان اقتصادی راہداری کو علاقائی روابط اور معاشی ترقی کا ایک اہم محرک قرار دیا اور قدرتی آفات سمیت کووڈ۔19 کی عالمگیر وبا کے دوران پاکستان کیلئے چین کی مستقل حمایت کو سراہا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، ٹیکنالوجی، صاف توانائی اور پارلیمانی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے سیمینار کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد دی اور پاکستان کے عوام کی جانب سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنا اور چین کے عوام کو پارٹی کے قیام کی 105 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کی۔ سیمینار سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی، چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ اور پاکستان۔ چین اقتصادی و ثقافتی کونسل کے صدر بایزید برہان اللہ کاسی نے بھی خطاب کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان اور چین کا باہمی تعلق دو حکومتوں کے درمیان نہیں بلکہ عوام کا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی وقت گزرنے کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہی ہے۔ گورنر نے کہا کہ چین کی عظیم معاشی کامیابی کے سفر سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے سپیکر بابر سلیم سواتی نے کہا کہ یہ تقریب پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ محض طاقت کے استعمال پر انحصار کرنے کے بجائے ترقی اور خوشحالی کے ذریعے دہشت گردی کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 34

کیلئے جامع تیاری اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان فعال خارجہ پالیسی پر عمل پیرا رہے گا، جس کی بنیاد اقتصادی سفارت کاری، تزویراتی شراکت داری، کثیر الجہتی تعاون، علاقائی استحکام اور عالمی امن کے فروغ پر استوار ہے۔

بقیہ نمبر 36

نے اپنے خطوط میں موقف اختیار کیا کہ امریکہ نے ایک بار پھر اقوام متحدہ کے منشور اور اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایران کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے خلاف وسیع پیمانے پر حملے کیے ہیں۔ ایرانی نمائندے کے مطابق امریکی اقدامات نہ صرف بین الاقوامی قانون سے متصادم ہیں بلکہ ایران اور امریکہ کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی پہلی شق کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ ایران نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ امریکی حملوں کا نوٹس لیتے ہوئے اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق ضروری اقدامات کرے، جبکہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں عالمی برادری سے بھی اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 37

کی ساکھ متاثر کرنے کے مقدمے کی سماعت نہ ہو سکی۔ سینئر سول جج عباس شاہ کی عدم دستیابی کے باعث کیس میں مزید پیش رفت ممکن نہ ہوسکی۔ عدالت نے سہیل آفریدی کی مسلسل عدم حاضری پر ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ بعد ازاں عدالت نے مقدمے کی مزید سماعت 21 جولائی تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ سہیل آفریدی کے خلاف نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) نے پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر رکھا ہے، جس میں ریاستی اداروں کے خلاف مبینہ گمراہ کن الزامات اور ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے الزامات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 38

13 جولائی تک ہوگی۔ اس کے علاوہ لیٹ فیس کے ساتھ ایم ڈی کیٹ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 18 جولائی ہے۔ پی ایم ڈی سی نے طلب علموں کو مقررہ تاریخ سے قبل رجسٹریشن مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 39

3.18 فیصد کمی ہوئی۔ مالی سال 2026 کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی رقم مجموعی طور پر 6.41 ارب ڈالر رہی جو مالی سال 2025 کے دوران موصولہ 3.38 ارب ڈالر کے مقابلے میں 6.8 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ جون 2026 میں موصول ہونے والی ترسیلات زر کا بیشتر حصہ سعودی عرب سے (6,829 ملین ڈالر) آیا جس کے بعد متحدہ عرب امارات 2,792 ملین ڈالر)، برطانیہ 9,514 ملین ڈالر اور امریکا 8,296 ملین ڈالر سے رقوم موصول ہوئیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مالی سال 2025-26 میں گزشتہ برس (2024-25) کے مقابلے زیادہ ترسیلات زر بھیجنے پر سمندر پار مقیم پاکستانیوں سے اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2025-26 میں محب وطن سمندر پار مقیم پاکستانیوں میں 6.41 ارب ڈالر کی ترسیلات زر بھیجیں جن پر انکے مشکور ہیں۔ ترسیلات زر میں 6.8 فیصد اضافہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کا حکومتی پالیسیوں پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سمندر پار مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، مجھ سمیت پوری قوم کو ان پر فخر ہے۔ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی بہبود کے لیے اقدامات حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

بقیہ نمبر 40

بینظیر بھٹو کے وژن کا تسلسل ہے سینیٹر روبینہ خالد نے مزید کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان کے ہر بچے کو صحت مند زندگی اور بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے قومی عزم کی تجدید ہے، ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے اس پروگرام کی رسائی اور اثرات کو مزید وسعت دیتے رہیں گے، انہوں نے کہا کہ بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت چھ ماہ کی عمر تک کے بچوں میں اسٹنٹنگ کی شرح میں 22 فیصد کمی ہوئی بینظیر نشوونما پروگرام کے ملک بھر میں 578 سہولت مراکز اور 224 نیوٹریشن اسٹیبلائزیشن سینٹرز قائم ہیں نشوونما پروگرام سے اب تک 47 لاکھ افراد مستفید ہوچکے ہیں اس توسیع کے بعد مستفید ہونے والوں کی مجموعی تعداد 80 لاکھ تک پہنچنے کی توقع ہے ڈبلیو ایف پی کی نمائندہ اور کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش، عالمی ادارہ صحت کے نمائندہ ڈاکٹر لوو داپینگ اور یونیسیف کی نائب نمائندہ شرمیلہ رسول بھی تقریب میں موجود

بقیہ نمبر 41

فیصلہ کیا ہے۔ بی بی سی کے مطابق، ہوم سیکریٹری شبانہ محمود پیر کے روز 1971 کے امیگریشن ایکٹ میں تبدیلیوں کا اعلان کریں گی، جواب تک شبیر احمد کی ملک بدری کی راہ میں سب سے بڑی قانونی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ شبیر احمد، جسے اس کے متاثرین ڈیڈی※ کے نام سے پکارتے تھے، کو 2012 میں 12 سال تک کی معصوم لڑکیوں کو منشیات اور الکوحل دے کر اجتماعی ریپ کا نشانہ بنانے اور ان کا جنسی استحصال کرنے پر طویل قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ جرم ثابت ہونے پر اس کی برطانوی شہریت تو فوری ختم کر دی گئی تھی، لیکن 1971 کے امیگریشن ایکٹ کے تحت اسے پاکستان نہیں بھیجا جاسکتا تھا، کیونکہ وہ 1973 سے پہلے برطانیہ آیا تھا اور قانون کے مطابق ایسے افراد کی ملک بدری پر پابندی ہے۔ گذشتہ ہفتے جیل سے سزا کاٹ کر شبیر احمد کی رہائی کے بعد روچڈیل کے عوام اور متاثرہ لڑکیوں میں شدید خوف وہراس پھیل گیا، جس کے بعد برطانوی وزیراعظم سرکیر اسٹارمر نے وزیر داخلہ کو معاملے کا فوری جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ روچڈیل سے رکنِ پارلیمان (MP) پال واغ نے برطانوی حکومت پر زور دیتے ہوئے کہا: "قانون میں یہ تبدیلی متاثرین کو یہ امید دینے کی جانب پہلا قدم ہے کہ انہیں اس درندے کا دوبارہ سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اگلا قدم پاکستان پر یہ واضح کرنا ہے کہ انہیں اسے ہر صورت واپس لینا ہوگا۔" 10 ڈاؤننگ اسٹریٹ (وزیر اعظم ہاؤس) کے ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ یہ معاملہ اسلام آباد میں پاکستانی حکام کے ساتھ اٹھایا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی مجرموں کو نکالنے کے لیے میزبان ملک کی رضامندی لازمی ہوتی ہے، اور برطانیہ اس پیچیدہ معاملے کے تمام ممکنہ آپشنز پر کام کر رہا ہے۔ شبیر احمد نے مقدمے کے دوران خود کو بچانے کے لیے نسل پرستی اور مسلمانوں کو قربانی کا بکرا※ بنانے کا کارڈ بھی کھیلا تھا، تاہم عدالت نے اسے ایک" پرتشدد اور منافق غنڈہ" قرار دیا تھا۔ پولیس کے مطابق اس گینگ نے کم از کم 50 غریب اور بے سہارا لڑکیوں کو اپنی ہوس کا نشانہ بنایا تھا۔ ہوم آفس کے مطابق، جیل سے رہائی کے بعد شبیر احمد کو فی الحال 24 گھنٹے عملے کی نگرانی میں رکھا گیا ہے اور اس کے پیر میں جی پی ایس (GPS) سے لیس الیکٹرانک ٹیگ لگایا گیا ہے۔ حکام نے وارننگ دی ہے کہ اگر اس نے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی تو اسے فوری طور پر دوبارہ جیل بھیج دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 42

کے سب سے بڑے تجارتی شراکت دار، چین، سے ملانے والے اہم تجارتی راستوں سے جوڑتا ہے۔ امریکی پابندیوں کے باعث ایران کی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کے دوران یہی راستہ روس کو کارگو سامان کی ترسیل کے لیے بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ فارس نیوز ایجنسی کے مطابق پل کی مرمت جلد مکمل کر لی جائے گی۔ اس پل سے گزرنے والا ریلوے راستہ ترکمانستان اور قازقستان سے ہوتا ہوا چین تک پہنچتا ہے

بقیہ نمبر 43

انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، پرنسپل انفارمیشن آفیسر تعینات کی گئیں۔ مبشر حسن ڈائریکٹر جنرل ڈیجیٹل کیمونیکیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کیے گئے۔ محمد شہزاد ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کیا گیا۔ رئیسہ عادل بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل ایکسٹرنل پبلسٹی ونگ ذمہ داریاں انجام دے رہی تھیں۔ مبشر حسن ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، پی آئی او ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ محمد شہزاد ڈیجیٹل کیمونیکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بطور ڈائریکٹر جنرل اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تینوں افسران کی تقرریاں فوری طور پر تاحکم ثانی نافذ العمل ہوں گی۔

بقیہ نمبر 44

امریکا کے درمیان حالیہ فوجی کشیدگی کے بعد آبنائے ہرمز میں تیل کی ترسیل متاثر ہونے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 45

کردیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بہاولنگر میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام "حق دو بہاولنگر کو" مارچ کے اختتام پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے جماعت اسلامی پنجاب جنوبی کے امیر سید ذیشان اختر اور ضلعی امیر ارسلان خان خاکوانی نے بھی خطاب کیا۔

امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہم تو پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں حالات کا رونا رو رہے تھے کہ پتا چلا خیبر پختونخوا اسمبلی نے ممبران کے لیے مراعات سے بھرپور بل پاس کر لیا، پی ٹی آئی ممبران اسمبلی کے حالات دیکھ لیں کہ ان کا قائد جیل میں پڑا ہے اور یہ خود مراعات سمیٹ رہے ہیں۔ انہوں نے پنجاب میں گورننس (Govemance) کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبہ میں ایک کروڑ بچے سکول نہیں جاتے، پچیس ہزار سکولوں کو فروخت کیا جارہا ہے، پنجاب کا چھوٹا کسان رو رہا ہے، صوبہ کی زراعت تباہ ہوگئی، گزشتہ چھ برسوں میں صوبہ میں غربت میں اکتالیس فیصد اضافہ ہوا اور مریم نواز نے اپنے لیے گیارہ ارب کا جہاز خرید لیا، فارم سنتالیس سے مسلط لوگ جو عوام پر مسلط کردیے ہیں بدترین حکمران ثابت ہوئے ہیں، عوام انہیں رخصت کرنے کے لیے بڑی جدوجہد کی تیاری کریں اور جماعت اسلامی کے ممبر بنیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ پنجاب حکومت کو بلدیاتی انتخاب سے بھاگنے کا موقع نہیں دیں گے، جماعت اسلامی ہر یونین کونسل میں امیدوار دے گی۔

حافظ نعیم الرحمن نے شدید گرمی میں پانچ سو کلومیٹر مارچ کرنے پر ارسلان خاکوانی اور ان کی ٹیم کی تحسین کی اور حق دو بہاولنگر کو تحریک کے تمام مطالبات کی حمایت کا اعلان کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بہاولنگر کے کارکنان نے شدید گرمی میں طویل پیدل مارچ کر کے تاریخ رقم کی ہے۔ ارسلان خان خاکوانی کی قیادت میں پورے ضلع میں ہونے والا لانگ مارچ کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ بہاولنگر کے نوجوانوں، ماؤں، بہنوں، بچوں اور محروم عوام کے حقوق کے لیے تھا۔ انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ صرف بہاولنگر ہی نہیں پورے پنجاب کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

بقیہ نمبر 46

امدادی سرگرمیاں، بند راستے کھل گئے، ٹریفک کی روانی بحال، مزید موسلادھار بارشوں و تیز اور طوفانی ہواؤں کا امکان، مانسہرہ 1122 ادارہ و ریسکیو ٹیمیں ہائی الرٹ، کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے امدادی ٹیمیں تیار، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ سمیت ضلع بھر کے مختلف دیگر شہروں و مضافاتی علاقوں میں جھکڑ و تیز اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ پری مون سون کی موسلادھار بارشوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے ذرائع کے مطابق بعض مقامات پر شدید بارشوں کے باعث بکھرا بارانی پانی سڑکوں سے گزرنے اور گلی محلوں میں داخل ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ تیز جھکڑ و طوفانی ہوائیں چلنے سے درخت گرنے اور سڑکیں بند و عوامی رابطے منقطع ہونے کی بھی اطلاعات ہیں

بقیہ نمبر 47

کیا جاتا ہے جہاں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والی حسینائیں اپنے ملک کی ثقافت، روایات، سماجی خدمات اور صلاحیتوں کو عالمی سطح پر پیش کرتی ہیں۔

بقیہ نمبر 48

کیلئے کاوشوں کو سراہا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ چیلنجز کے باوجود پاکستان نے علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے اور انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے ذمہ داری سے فیلڈ مارشل اور وزیراعظم شہباز شریف نے کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ امن مشنز کیلئے حقیقت پسندانہ مینڈیٹ اور درکار وسائل تمام امن مشنز کی کامیابی کیلئے ضروری ہیں۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ نے عالمی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے کے مقصد کے حصول کیلئے اقوام متحدہ کے قیام امن میں پاکستان کے طویل المدتی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ممالک کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ محسن نقوی نے نیویارک میں سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کو اس وقت مختلف چیلنجز اور مسائل کا سامنا ہے، جن سے نمٹنے کیلئے عالمی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو پرامن رکھنے کے لیے ممالک کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا اور تنازعات کے پرامن حل کے لئے مشترکہ کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے جرائم کے خاتمے میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے، جبکہ ممالک کو ایک دوسرے کے تجربات اور کامیابیوں سے سیکھنے کی ضرورت ہے، خطے کے ممالک کو باہمی تعاون کو فروغ دینا ہوگا تاکہ عوام کے جان و مال کا بہتر تحفظ یقینی بنایا جاسکے اور جرائم کے خلاف موثر حکمت عملی اختیار کی جاسکے۔ وزیر داخلہ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پولیس افسران کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی، جبکہ معلومات کے تبادلے اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دنیا اور خطے میں امن برقرار رکھنے کے لیے تمام ممالک کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ محسن نقوی نے پاکستانی امن دستوں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عالمی امن کے قیام کے لیے پاکستانی امن دستوں کا کردار اور قربانیاں بے مثال ہیں۔

بقیہ نمبر 49

کی اجازت دے دی۔ روسی ادارے کے مطابق یہ فیصلہ پاکستانی حکام کی جانب سے فراہم کردہ اضافی معلومات، فائٹوسینیٹری اقدامات اور برآمدی نظام کا جائزہ لینے کے بعد کیا گیا، نئی اجازت 7 جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگئی ہے۔ روسی حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان نے آلو کی پیداوار، معائنہ، قرنطینہ اقدامات اور برآمدی کنٹرول سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کیں، جن کا تکنیکی جائزہ لینے کے بعد پابندی میں نرمی کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 50

مینگل نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو 78 لاکھ 92 ہزار روپے کا چیک بھجوادیا۔ سردار اختر مینگل نے 3 ستمبر 2024 کو این اے 256 خضدار سے استعفیٰ دیا تھا، اسپیکر قومی اسمبلی نے استعفیٰ 11 فروری 2026 کو منظور کر کے اسے 3 ستمبر 2024 سے موثر قرار دیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے بھی رقم چیک کی صورت میں وصول ہونے کی تصدیق کردی۔

بقیہ نمبر 51

تخمینہ اپریل میں جاری کیے گئے اندازوں کے مقابلے میں 2.0 فیصد پوائنٹس کم ہے۔ تفصیلات کے مطابق اے ڈی بی کی جانب سے جولائی 2026 کے لیے جاری کردہ ایشین ڈویلپمنٹ آؤٹ لک کے مطابق مشرق وسطیٰ کے تنازع کے باعث توانائی کی عالمی منڈیوں میں طویل رکاوٹوں نے خطے کی اقتصادی صورتحال کو توقعات سے زیادہ متاثر کیا ہے، تاہم 2027 کے لیے شرح نمو کا تخمینہ 1.5 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے، کیونکہ ان دباؤ میں بتدریج کمی آنے سے معاشی سرگرمیوں میں بحالی کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جون میں طے پانے والے فریم ورک معاہدے کے باوجود عالمی توانائی کی منڈیوں میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں بتدریج ختم ہونے کی توقع ہے، توانائی کے علاوہ کھاد، دیگر اشیائے خام اور سپلائی چینز پر بھی اس کے اثرات برقرار رہنے کے باعث مہنگائی کے دباؤ میں اضافے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 52

نمو کا ہدف مقرر کر رکھا ہے، رپورٹ میں گزشتہ مالی سال کی 7.3 فیصد شرح نمو کے مقابلے میں معاشی رفتار میں معمولی سست روی کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث عالمی مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ہے اور 2026 کے دوران عالمی افراطِ زر 7.4 فیصد تک پہنچ سکتا ہے، اسی طرح خام تیل کی اوسط قیمت 89 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے خبردار کیا کہ اگر آبنائے ہرمز میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو عالمی توانائی کی سپلائی شدید متاثر ہوسکتی ہے، جس کے اثرات دنیا بھر کی معیشتوں پر مرتب ہوں گے۔ رپورٹ میں عالمی معیشت کی شرح نمو 2026 میں 3 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے، جبکہ مصنوعی ذہانت کو عالمی معیشت کے لیے مثبت سہارا قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال خطے اور دنیا کی اقتصادی سرگرمیوں پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے، جبکہ عراق، کویت اور قطر کو 2026 کے دوران معاشی سکڑاؤ کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

اسلام آباد، جوائنٹ سیکرٹری وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس فیاض الحق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملکہ کوہسار مری وطن عزیز کا اہم ترین سیاحتی مقام ہے، ظہیر شیرازی

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا

مری (بیورو رپورٹ) ملکہ کوہسار مری وطن عزیز کا اہم ترین سیاحتی مقام ہے اس کے حسن اور قدرتی ماحول کو ہر صورت برقرار رکھنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں غیر قانونی تعمیرات پر مکمل پابندی ہے جس پر عملدرآمد کرایا جا رہا ہے کسی کو بھی پابندی کے دوران تعمیرات کی اجازت نہیں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تعمیرات کیخلاف کریک ڈاؤن مہم کے موقع پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر مری نے کہا کہ مری کی قدرتی خوبصورتی اور ماحول کو محفوظ رکھنے کے لیے ضلع بھر میں ہر قسم کی نئی تعمیرات پر مکمل پابندی عائد ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے کلین اینڈ گرین پنجاب ویژن کے تحت غیر قانونی تعمیرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جہلم، نئے اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ غازی نے کام شروع کر دیا

جہلم (نمائندہ شہرنامہ) تحصیل جہلم کے نئے اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ غازی خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔ چارج سنبھالنے کے فوراً بعد انہوں نے اپنے پختہ عزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

محکمہ جنگلات اور محکمہ صحت کی جانب سے کشمیر پوائنٹ مری میں انسداد ڈینگی آگاہی واک کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

FGEHA ایکشن کمیٹی اجلاس، G-13 اور G-14 کے کمرشل پلاٹس کی نیلامی کے امور پر غور

نیلامی کے انتظامات، بروشر کی تیاری، اشتہاری مہم، نیلامی کے شیڈول اور دیگر انتظامی امور کو حتمی شکل دینے پر تفصیلی تبادلۂ خیال

نیلامی کا تمام عمل شفاف، منصفانہ اور مسابقتی بنیادوں پر مکمل کیا جائیگا تاکہ سرمایہ کاروں کو بہترین سہولیات اور مساوی مواقع فراہم کیے جا سکیں

اسلام آباد (پ ر) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) میں آج مورخہ 09 جولائی 2026 بروز جمعرات کو آکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت جوائنٹ سیکرٹری (اسٹیٹ) منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب فیاض الحق نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اسٹاف فیض عمر سیال ڈائریکٹر ایڈمن تنویر حیدر، ڈائریکٹر فنانس اصغر علی، ڈائریکٹر ریونیو کاظم عباس بھی موجود تھے اجلاس میں سیکٹر G-13 اور G-14/4 کے کلاس تھری شاپنگ سینٹرز اور مرکز G-14 کے کمرشل پلاٹس کی آئندہ نیلامی کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ تاکہ ان کی موجودہ صورتحال، موزونیت اور آئندہ نیلامی میں شمولیت کے حوالے سے جائزہ لیا جا سکے۔ مزید براں اجلاس میں نیلامی کے انتظامات، بروشر کی تیاری، اشتہاری مہم، نیلامی کے شیڈول اور دیگر انتظامی امور کو حتمی شکل دینے پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وفاقی وزیر سردار یوسف، چوہدری یاسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شہداء کی قربانیاں امتِ مسلمہ کے لیے مشعلِ راہ ہیں، علامہ شبیر میثمی

اتحاد، بصیرت طاغوتی قوتوں سے نمٹنے کیلئے ناگزیر، شیعہ رہنماء

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

حجاج کرام کی خدمت قومی و دینی ذمہ داری ہے، سردار یوسف

حج کے بہترین انتظامات کرنے پر وفاقی وزیر مذہبی امور اور ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، یٰسین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ اور سی ڈی اے مزدور یونین کے زیر اہتمام حج کی سعادت حاصل کرنے والے سی ڈی اے ملازمین کے اعزاز میں ایک شاندار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف تھے۔ تقریب میں سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے رہنما یاسر بٹ، انجمن تاجران کے نمائندگان، تاجر برادری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نوجوان فہد علی ارشد نے برطانیہ سے فرسٹ کلاس آنرز ڈگری حاصل کر لی

مری (نمائندہ خصوصی) دیول مری کے نوجوان فہد علی ارشد نے برطانیہ سے فرسٹ کلاس آنرز ڈگری حاصل کر لی یونین کونسل دیول کی معروف کاروباری و سماجی شخصیت ارشد عباسی العروف ارشد جیولرز کے صاحبزادے فہد علی ارشد نے برطانیہ کے شمالی انگلینڈ میں واقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

سربراہ راول ہسپتال خاقان خواجہ روبہ صحت ہو گئے

علاج مکمل ہونے کے بعد وطن واپسی، عہدیداران و کارکنان کی مبارکباد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ اپنا علاج مکمل ہونے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ ان کا شاندار استقبال کیا گیا اپنے دفتر پہنچنے پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے عہدے داروں کارکنوں و راول فاؤنڈیشن کے عہدے داروں اور مختلف مکاتب فکر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سٹاک ایکسچینج، نوجوانوں کی دلچسپی، سرمایہ کاروں کی تعداد میں 48 فیصد اضافہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں ریکارڈ 48 فیصد اضافہ ہوا ہے، جبکہ ایک سال کے دوران ایک لاکھ 90 ہزار سے زائد نئے سرمایہ کار مارکیٹ کا حصہ بنے ہیں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے مختلف وفود ان کی صحت یابی پر انہیں مبارکباد دیتے ہوئے

حکومت پنجاب اور امریکی قونصلیٹ میں ثقافتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

پنجاب میں خواتین، طلبہ، کسانوں کیلئے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات کی وفد سے گفتگو

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزارت اطلاعات و ثقافت پنجاب اور امریکن قونصلیٹ لاہور کا کلچر کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے امریکی قونصل جنرل لاہور سٹیفسن سینڈرز کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

دہشتگردوں اور ملک دشمن عناصر کا خاتمہ ناگزیر ہے، حنیف مغل

پاک فوج کے تمام شہدا کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد نے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سالمیت، بقا اور تحفظ کے لیے دہشت گردوں اور ملک دشمن عناصر کا خاتمہ ناگزیر ہے، پاکستانی قوم فیلڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

15 مجرمان اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری۔ سنگین جرائم میں ملوث 15 مجرمان اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا، تحسین فواد

قوم اپنی مسلح افواج، پولیس اور دیگر سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد نے بلوچستان میں دہشت گردی کے بزدلانہ واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم ان افسوسناک واقعات پر غمزدہ ہے اور وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج اور پولیس کے بہادر جوان قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ اپنے ایک بیان میں تحسین فواد نے کہا کہ وطن کی حفاظت اور عوام کے جان و مال کے تحفظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

موجودہ تبدیلی اور مستقبل کا منظرنامہ" کے عنوان سے تقریب کا انعقاد

تقریب میں ماہرینِ تعلیم، دانشوروں اور شعبہ جاتی ماہرین نے شرکت

لاہور (بیورو رپورٹ) موجودہ تبدیلی اور مستقبل کا منظرنامہ" کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کے طور پر، کیس لاہور قومی سلامتی کے وسیع تناظر میں دلچسپی رکھنے والے اسکالرز اور ماہرین کے لیے علمی تقاریب منعقد کرتا ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ملک پر کرپٹ سیاسی نظام کا راج ہے، جاوید انتظار

مقصد اور نظریہ چھوٹا ہو تو آگے نہیں بڑھا جا سکتا، چیئرمین آزاد عوام تحریک

اسلام آباد (پ ر) آندھی وفاداری اور تقلید حقیقت کی سب سے بڑی دشمن ہوتی ہے۔ پاکستان کو کسی سیاسی جماعت کی عینک پہن کر دیکھیں گے۔ پاکستان مختلف نظر آئے گا۔ اپنی ذات کی عینک پہن کر دیکھیں گے۔ پاکستان اور نظر آئے گا۔ ملک پر کرپٹ سیاسی نظام کا راج ہیں۔ برسر اقتدار جماعتیں اب عوام دوست نہیں رہی۔ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر برسر اقتدار آنے والے عوام دوست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ہاسٹل سٹی کے طلبہ آج احتجاجی مظاہرہ کرینگے

لوڈشیڈنگ اور پانی کی قلت ختم، پیدل چلنے والوں کیلئے پل سمیت دیگر مطالبات

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ہاسٹل سٹی کے طلبہ کی جانب سے اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے آج بروز جمعہ، نمازِ جمعہ کے بعد سہ پہر 3:00 بجے ایک پرامن احتجاج منعقد کیا جا رہا ہے احتجاج کا مقصد متعلقہ حکام کی توجہ درج ذیل اہم عوامی مسائل کی جانب مبذول کرانا ہے: واپڈا کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جس کی وجہ سے طلبہ کی تعلیم، امتحانات اور روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ پارک روڈ پر اوور ہیڈ برج (پیدل چلنے والوں کے لیے) کی عدم موجودگی جس کے باعث اب تک تقریباً 14 سے 15 قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ علاوہ ازیں ہاسٹل سٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مہنگائی کیخلاف عوامی مزاحمت ہی نجات کا راستہ، شمس سواتی

حکومتی پالیسیاں عوام پر ناقابلِ برداشت معاشی بوجھ ڈال رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان میں پٹرول، گیس، بجلی اور اشیائے ضروریہ کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام آدمی، مزدور، کسان، پنشنرز اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ عوام کی آمدنی میں اضافہ نہیں ہو رہا، مگر مہنگائی کا طوفان ہر گزرتے دن کے ساتھ شدت اختیار کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر شمس الرحمٰن سواتی نے اپنے ایک بیان میں ہے، انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، ڈی جی سیف سٹی ہارون جوئیہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خدمتِ خلق اور قرآن سے وابستگی ہی فلاحی معاشرے کی بنیاد، حمیرا طارق

جماعت اسلامی کی سیاست کا مرکز اقتدار نہیں انسانیت کی خدمت، منصورہ ہسپتال دورہ پر گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق نے منصورہ ہسپتال میں ڈاکٹر فوزیہ اور ان کے اہلِ خانہ کی جانب سے قائم کردہ فری میموگرافی ڈائیگناسٹک سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خواتین کی صحت کے لیے اس مثالی فلاحی منصوبے کو سراہتے ہوئے اسے جماعت اسلامی کے خدمتِ خلق کے عملی وژن کا روشن مظہر قرار دیا۔ بعد ازاں انہوں نے بحریہ ٹاؤن میں منعقدہ پی پی 165 اور پی پی 166 کے فہم القرآن کورس کی مربیات اور شرکاء کی مرکزی نظم کے ساتھ خصوصی نشست میں شرکت کی اور قرآن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

جہانزیب خان نے ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر لاہور کا چارج سنبھال لیا

آپ خوش اخلاقی کے باعث ریلوے میں اچھی شہرت کے حامل آفیسر ہیں

لاہور (غلام عباس ٹیپو سے) جہانزیب احمد خان نے پاکستان ریلوے لاہور ڈویژن میں ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر کا چارج سنبھالنے کے بعد باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا۔ گزشتہ دنوں ان کی تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری ہوا تھا۔ نئے تعینات ہونے والے آفیسر ریلوے کے شعبہ الیکٹریکل کے بہترین الیکٹریکل انجیر ہیں وسیع تجربے اور مہارت کے حامل ہیں۔ جہانزیب احمد خان اپنی محنت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

آٹا اور میدے کے پرمٹ جاری کئے جائیں، صدر فلور ملز ایسوسی ایشن

پابندیاں ختم کی جائیں تاکہ عوام کو سستا آٹا فراہم کیا جا سکے، محمد ظہور بھٹی

اڈیالہ (نامہ نگار) پنجاب کے تمام اضلاع سے راولپنڈی کے لئے آٹے اور فائن میدے کے پرمٹ جاری کئے جائیں۔ آٹے اور فائن میدے پر پابندی ختم کی جائیں۔ فائن میدے کی 80 کلو کی بوری کے ریٹ میں 500 روپے اور 15 کلو آٹے کے تھیلے پر 150 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری، پناہ گزینوں کے خیمے اور گاڑیاں تباہ

خان یونس، غزہ سٹی کے مختلف علاقوں میں پناہ گزینوں کے خیموں، رہائشی عمارتوں اور سویلین گاڑیوں پر بمباری کی گئی

بے گھر افراد کی خیمہ بستی پر براہِ راست میزائل داغے گئے، حملوں کے بعد ہر طرف ملبے اور دھوئیں کے بادل چھا گئے

غزہ سٹی رخان یونس (صباح نیوز) غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے حالیہ فضائی اور ڈرون حملوں کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر تباہی مچ گئی ہے۔ طبی حکام کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران خان یونس اور غزہ سٹی کے مختلف علاقوں کو نشانہ بنایا گیا، جس میں پناہ گزینوں کے خیموں، رہائشی عمارتوں اور سویلین گاڑیوں پر بمباری کی گئی۔ حملوں کے بعد ہر طرف ملبے اور دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ سب سے افسوسناک منظر جنوبی غزہ کے علاقے المواصی (خان یونس) میں دیکھا گیا، جہاں بے گھر افراد کی خیمہ بستی پر براہِ راست میزائل داغے گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

مری، موٹرسائیکل حادثہ کا شکار، ایک شخص زخمی

مری (نمائندہ خصوصی) ایکسپریس وے مری آغوش موڑ موٹرسائیکل حادثہ کا شکار ہوگئی جسکے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا، پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیم حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ایمبولینس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اینکر مرید عباس قتل کیس، ملزم عاطف زمان کو 2 بار سزا موت کا حکم

کراچی (صباح نیوز) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے اینکر مرید عباس سمیت دو افراد کے قتل کیس کا فیصلہ 7 سال بعد سنا دیا۔ عدالت نے دو افراد کے قتل کا جرم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

نواز شریف کارڈیالوجی سینٹر سالمی مری میں سہولیات کا فقدان

متعدد مریضوں کو راولپنڈی اور دیگر بڑے ہسپتالوں میں ریفر کیا جانے لگا



مری (بیورو رپورٹ) نواز شریف کارڈیالوجی سینٹر سالمی مری میں بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث دل کے مریض شدید مشکلات کا شکار ہسپتال میں ایکو کارڈیوگرافی اور انجیوگرافی جیسی اہم سہولیات مؤثر انداز میں دستیاب نہ ہونے کے باعث روزانہ آنے والے متعدد مریضوں کو راولپنڈی اور دیگر بڑے ہسپتالوں میں ریفر کیا جانے لگا ایکو کارڈیوگرافی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ڈی آئی جی جواد طارق کا مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

سکیورٹی انتظامات اور چیکنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی محمد جواد طارق کا شہر کے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ریکارڈ اراضی سنٹر مری میں مبینہ غفلت، سائل رُل گئے

فوری نوٹس لینے اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ

مری (نمائندہ خصوصی) مری: حلقہ پٹواری روات سرکل ریکارڈ اراضی سنٹر مری میں مبینہ غفلت اور نااہلی کے باعث سائل رل گئے ہیں اور اشتی انتقال اور دیگر کیسز جو برسوں سے التوا کا شکار ہیں، جس پر متاثرہ شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری اور محکمہ مال کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، کنٹونمنٹ بورڈ کا عملہ تجاوزات کیخلاف آپریشن کے دوران سامان ضبط کر رہا ہے

کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی، تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن، سڑکیں کلیئر، فٹ پاتھ واگزار

آپریشن پشاور روڈ، ڈھوک مستقیم، وسٹیج بازار، رینج روڈ، مصریال روڈ، ڈھوک گجرا، ٹینچ بھاٹہ روڈ، اور صدر کے مختلف علاقوں میں کیا گیا

ریڑھیاں، ٹھیلے، ہوٹلوں کے باہر رکھی گئی کرسیاں، غیر قانونی کاؤنٹرز، سائن بورڈز اور دیگر تجاوزاتی سامان ضبط

کسی کو بھی سرکاری اراضی یا فٹ پاتھوں پر غیر قانونی قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اسٹیشن کمانڈر راولپنڈی کے خصوصی احکامات پر ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ عامر رشید کی زیر نگرانی انفورسمنٹ برانچ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، موٹرسائیکل چور گروہ کے چار کارندے گرفتار

ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے 7 مسروقہ موٹرسائیکل برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) موٹرسائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے چار ارکان گرفتار۔ اینٹی موٹرسائیکل لفٹنگ یونٹ پولیس نے موٹر سائیکل چوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مری، تاش پر جوا کھیلنے والے 2 ملزمان گرفتار

قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں سے رعایت نہیں برتی جائیگی، ڈی پی او

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری کی ہدایت پر جرائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
آپ کا حق تلف کیا گیا
آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
آپ اگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

راولپنڈی کے انتہائی پررونق علاقے مین
13 مرلے کا
خوبصورت کمرشل یونٹ
برائے فروخت
یہ یونٹ مین کے آر ایل روڈ، نزد اسلام آباد ایکسپریس وے پر واقع ہے۔ عمارت میں تین پورشنز اور گراؤنڈ فلور پر ایک کمرشل مارکیٹ موجود ہے، جو سرمایہ کاری اور کاروبار دونوں کے لیے بہترین موقع ہے۔
تین پورشنز
گراؤنڈ فلور پر کمرشل مارکیٹ
سرمایہ کاری اور کاروبار کے لیے بہترین موقع
لوکیشن: مین KRL روڈ، نزد اسلام آباد ایکسپریس وے، راولپنڈی
سنجیدہ خریدار فوری رابطہ کریں: 0333-5196088
بہترین لوکیشن بہترین سرمایہ کاری

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویر پارٹ لائٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083